★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 12 محرم الحرام 1447ھ، 8 جولائی 2025ء، 25 حاڑ 2082پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 231

بھارت نے پاکستان پر حملہ کر کے خطے کے امن کو خطرے میں ڈالا

وزیر اعظم

امام حسینؑ نے اپنے خاندان، رفقا کے ہمراہ سچائی اور دین کی سربلندی کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، امام حسینؓ نے اپنے خاندان، رفقا کے ہمراہ سچائی اور دین کی سربلندی کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، شہباز شریف

وزیراعظم سے محسن نقوی کی ملاقات، یوم عاشور پر ملک بھر میں کیے گئے سکیورٹی انتظامات پر بریفنگ، شہباز شریف کا چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ، وزیراعظم آزاد کشمیر، وزیراعلیٰ گلگت بلتستان کو موثر اور پرامن سکیورٹی انتظامات پر خراج تحسین



چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی، صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا دیگر کے ہمراہ دینیس، اٹلی میں "آج کے عالمی امن کو درپیش چیلنجز کے عنوان سے منعقدہ بین الاقوامی امن کانفرنس میں گروپ فوٹو

سویڈن کا پاکستان میں ویزا سروس دوبارہ کھولنے کا فیصلہ

سٹاک ہوم (زیڈ این این) پاکستان کی سفارتی کامیابیوں کا سلسلہ جاری، سویڈش حکومت نے اسلام آباد میں ویزا سروسز دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ ترجمان سویڈش حکومت کا کہنا ہے پاکستان اور سویڈن کی وزارت خارجہ کے درمیان دوطرفہ سیاسی مشاورت کے بعد ویزا سروسز شروع کرنے کا فیصلہ ہوا ہے، اس سے پاکستانیوں کو مختصر قیام (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ واقعہ کربلا ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ حق کا راستہ کٹھن مگر دائمی فلاح کا (بقیہ نمبر 5)

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے یہاں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وزیر داخلہ (بقیہ نمبر 26)

امریکہ کا مشرقِ وسطیٰ میں بڑی تعداد میں فوج موجود رکھنے کا فیصلہ

واشنگٹن کی مشرقِ وسطیٰ سے جزوی انخلا کی تیاری، مگر خطے میں امریکی فوجی موجودگی بدستور اہم اور بڑی رہے گی

ایک طیارہ بردار جہاز اس کے ہمراہ جنگی بحری جہاز، آبدوزیں اور دیگر یونٹس بدستور تعینات رہیں گے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزارت دفاع (پینٹاگان) کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے بتایا ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں تعینات امریکی افواج میں جلد تبدیلیاں کی جائیں گی۔ اس (بقیہ نمبر 6)



وزیراعظم شہباز شریف ترکیہ کے صدر سے ملاقات کر رہے ہیں

غریب آدمی کی قوت خرید جواب دے رہی ہے، مولانا فضل الرحمٰن

حکومت کی غلط پالیسیاں غربت میں اضافہ کر رہی ہیں، جے یو آئی عنقریب معاملے پر آل پارٹیز کانفرنس طلب کریگی

لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ بجٹ میں ہر چیز کو مہنگا کر دیا گیا، غریب آدمی کی قوت خرید جواب دے رہی ہے، حکومت کی غلط (بقیہ نمبر 8)

ڈی جی پاکستان ایگریکلچر ریسرچ کونسل ڈاکٹر اعظم خان کی ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن علی ارشد رانا سے ملاقات

لاہور (این این آئی) پاکستان ایگریکلچر ریسرچ کونسل کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر (بقیہ نمبر 7)

پشاور، حیات آباد پارک میں جھولے کے دوران حادثہ، آپریٹر زخمی

پشاور (این این آئی) حیات آباد پارک میں جھولے کے دوران ایک افسوسناک حادثہ پیش آیا، جس میں جھولے کا آپریٹر زخمی ہوگیا۔ مقامی ذرائع کے مطابق جھولے کا آپریٹر دوران آپریشن جھولے سے ٹکرا گیا۔

بھارت کی مہم جوئی کا تکلیف دہ اور سخت جواب دیا جائیگا

فیلڈ مارشل

پاکستان کی کامیابی میں بیرونی حمایت جیسے الزامات غیر ذمہ دارانہ ہیں، دوطرفہ فوجی تصادم میں دیگر ممالک کو شامل بھارت کی ناقص سیاسی کوشش ہے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

ایسے بیانات پاکستان کی کامیابی کو تسلیم کرنے میں روایتی ہچکچاہٹ کی عکاسی کرتے ہیں، فیلڈ مارشل کا سکیورٹی اینڈ وار کورس کرنے والے مسلح افواج کے فارغ التحصیل افسران سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ کیا، جنگ کے بدلتے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بھارت آپریشن سندور میں فوجی اہداف حاصل کرنے میں ناکام رہا۔ فیلڈ مارشل نے سکیورٹی اینڈ وار کورس کرنے والے مسلح افواج کے فارغ التحصیل افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپریشن سندور میں بھارت فوجی اہداف حاصل کرنے میں ناکام رہا، پاکستان کی کامیابی میں بیرونی حما (بقیہ نمبر 1)



نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال کو یونیورسٹی آف نارووال میں آرٹ نمائش کے دوران طالبات پینٹنگ گفٹ کر رہی ہیں

وزیراعظم سے محسن نقوی کی ملاقات، یوم عاشور پر سکیورٹی انتظامات پر بریفنگ

شہباز شریف کا چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ، وزیراعظم آزاد کشمیر، وزیراعلیٰ گلگت بلتستان کو موثر اور پرامن سکیورٹی انتظامات پر خراج تحسین

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے یہاں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وزیر داخلہ نے وزیراعظم کو یوم عاشور کے موقع پر ملک بھر (بقیہ نمبر 9)

بلوچستان، تمام 1500 فلاحی تنظیموں اور اداروں کی رجسٹریشن ختم

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی چیریٹیز اینڈ ریگولیشن اتھارٹی نے محکمہ سماجی بہبود میں رجسٹرڈ تمام فلاحی تنظیموں اور اداروں (بقیہ نمبر 14)

برطانوی ہائی کمشنر کا لیاری میں عمارت گرنے سے قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے کراچی کے علاقے (بقیہ نمبر 15)

عاشورہ کا امن قومی یکجہتی اور فورسز کی مثالی کارکردگی کا مظہر ہے

محسن نقوی

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے لاہور، اسلام آباد سمیت پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، سندھ، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں عاشورہ کے تمام جلوس اور مجالس کے بخیر و عافیت اختتام پذیر ہونے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے

وفاقی وزیر داخلہ نے علما کرام کے کردار کو بھی سراہا اور کہا کہ بھائی چارے اور بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ میں علما نے اہم کردار ادا کیا

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ عاشورہ کا پرامن انعقاد قومی یکجہتی اور فورسز کی مثالی کارکردگی کا مظہر ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے لاہور، اسلام آباد سمیت پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، سندھ، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں عاشورہ کے تمام جلوس اور مجالس کے بخیر و عافیت اختتام پذیر ہونے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ محسن نقوی نے فوج، رینجرز، پولیس، انتظامیہ اور دیگر سکیورٹی اداروں کی محنت اور پروفیشنل اپروچ کو خراج تحسین پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ عاشورہ محرم پر تعینات ہر جوان، افسر اور اہلکار کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے جانفشانی سے اپنے فرائض انجام دیئے اور عزاداروں کو فول پروف سکیورٹی فراہم کی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے علما کرام کے کردار کو بھی سراہا اور کہا کہ بھائی چارے اور بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ میں علما نے اہم کر (بقیہ نمبر 13)

سعودی عرب، تارکین وطن کے لیے ورک پرمٹس کی تین مہارتی ضمروں میں تقسیم

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے ملک میں کام کرنے والے غیر ملکی کارکنوں کے ورک پرمٹس کو تین بڑے مہارتی زمروں میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جن میں اعلیٰ مہارت یافتہ، ماہر اور بنیادی سطح شامل ہیں۔ اس فیصلے کا مقصد سعودی لیبر (بقیہ نمبر 19)

تھرپارکر، پہاڑی علاقے کی سیر کرنے گئے 11 سیاح ریلے میں پھنس گئے، ایک ہلاک

متوفی کی لاش کو مسلسل کوششوں کے بعد بند سے نکالا گیا، تعلق کراچی کے علاقے گارڈن سے

تھرپارکر (این این آئی) تھرپارکر کے پہاڑی علاقے کارونجھر پر سیر کرنے گئے 11 سیاح ریلے میں پھنس گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق ان 11 میں سے 10 سیاحوں کو بچا لیا گیا جب (بقیہ نمبر 20)

دریائے سندھ میں طغیانی، وزیراعلیٰ مریم نواز کا نوٹس

وزیراعلیٰ مریم نواز کا نوٹس تمام اداروں کو ہائی الرٹ کا حکم

نشیبی علاقوں سے انخلا، مشینری و کشتیاں تیار رکھنے اور عوام کو آگاہ رکھنے کی ہدایت

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دریائے سندھ میں طغیانی کی اطلاع پر فوری نوٹس لیتے ہوئے تمام متعلقہ (بقیہ نمبر 18)

ملک بھر میں شدید بارشوں اور سیلاب کا خطرہ، الرٹ جاری

پنجاب، سندھ، بلوچستان سمیت کئی علاقوں میں ندی نالوں اور دریاؤں میں طغیانی کا خدشہ

نشیبی علاقوں کے مکین قیمتی اشیاء محفوظ مقامات پر منتقل کریں، ایمرجنسی کٹ تیار رکھنے کی ہدایت

لاہور (زیڈ این این) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے 10 جولائی تک ملک بھر میں شدید بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال کا الرٹ جاری کر دیا ہے۔ جاری کردہ الرٹ کے مطابق پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں ندی نالوں (بقیہ نمبر 21)

اسرائیل کی دھمکیوں میں آکر ہتھیار نہیں ڈالیں گے، حزب اللہ

بیروت (این این آئی) حزب اللہ کے رہنما نعیم قاسم نے اتوار کو کہا ہے کہ لبنانی مزاحمت کاروں کو غیر مسلح کرنے کے لیے دبا کے باوجود ان کا گروپ اسرائیلی دھمکیوں کے جواب میں سر نہیں جھکائے گا اور نہ ہی ہتھیار ڈالے گا۔ قاسم نے (بقیہ نمبر 30)

ٹریبونل کو حاصل ہے، لاہور ہائیکورٹ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جج جسٹس انوار حسین جو بطور الیکشن ٹریبونل خدمات سرانجام دے رہے ہیں نے ا (بقیہ نمبر 11)

آئی سی سی میں بھارتی اجارہ داری میں اضافہ، اہم عہدہ مل گیا

لاہور (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل میں بھارتی اجارہ داری میں اضافہ ہو (بقیہ نمبر 10)



کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ محرم کے جلوسوں کی سیکیورٹی اور ریسپانس پلانز کا جائزہ لینے کے لیے سی پی او کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں

الیکشن اپیلوں کی بحالی کا اختیار

ٹریبونل کو حاصل ہے، لاہور ہائیکورٹ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جج جسٹس انوار حسین جو بطور الیکشن ٹریبونل خدمات سرانجام دے رہے ہیں نے ا (بقیہ نمبر 11)

آئی سی سی میں بھارتی اجارہ داری میں اضافہ، اہم عہدہ مل گیا

لاہور (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل میں بھارتی اجارہ داری میں اضافہ ہو (بقیہ نمبر 10)

حکومت اور بینک فیصلوں کی سخت سے معیشت بحال ہوئی کو رئیٹنگ

وی فنانس کوڈ کو ممکن بنانے پر ایشیائی ترقیاتی بینک کی ٹیم کا شکر گزار ہوں، پائیدار معیشت کے حصول کے لیے میکرو اکنامک استحکام کی ضرورت ہوتی ہے

کراچی (این این آئی) گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ حکومت اور مرکزی بینک کے سخت فیصلوں کی وجہ سے معیشت بحال ہوئی ہے، ماضی کی غلطیاں دہرانی نہیں چاہئیں۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے ویمن آنٹرپرینیور فنانس کوڈ پاکستان کی افتتاحی تقریب سے گورنر سٹیٹ بینک (بقیہ نمبر 12)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ محرم کے جلوسوں کی سیکیورٹی اور ریسپانس پلانز کا جائزہ لینے کے لیے سی پی او کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا حکومت کا ہیلی کاپٹر ایم آئی 17 ایئر ایمبولینس میں تبدیل

پشاور (این این آئی) چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ نے کہا ہے کہ ہمارا بڑا ہیلی کاپٹر ایم آئی 17 مکمل طور پر ایئر ایمبولینس (بقیہ نمبر 17)

محرم الحرام میں مثالی امن و خدمت پر مریم نواز کا اظہار تشکر و تحسین

وزراء، علما، پولیس، فوج، رینجرز اور انتظامیہ کی محنت سے مثالی ماحول ممکن ہوا، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے محرم الحرام کے دوران مثالی امن و امان، اتحاد، بھائی چارے اور بے مثال خدمت پر تمام متعلقہ اداروں، علما، پولیس، ضلعی انتظا (بقیہ نمبر 16)

سپیکر کے اختیارات لامحدود، کرسیاں مارنا اور مائیک اکھاڑنا احتجاج نہیں

وفاقی وزیر قانون

سپیکر جمہوری روایات کو مدنظر رکھتے ہوئے گھر کے بڑے سربراہ کی طرح بہتر راستہ ہی نکالیں گے، اعظم نذیر تارڑ

سپیکر جمہوری روایات کو مدنظر رکھتے ہوئے گھر کے بڑے سربراہ کی طرح بہتر راستہ ہی نکالیں گے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سپیکر کے اختیارات لامحدود ہیں، سپیکر ہاؤس کے سربراہ ہیں، کرسیاں مارنا اور مائیک اکھاڑنا احتجاج نہیں، سپیکر جمہوری روایات کو مدنظر رکھتے ہوئے گھر کے بڑے سربراہ کی طرح بہتر راستہ ہی نکالیں گے۔ پنجاب اسمبلی میں 26 اراکین کی معطلی پر لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ سپیکر کے پاس وہی اختیارات ہیں جو گھر کے بڑے کے پاس ہوتے ہیں، اگر آ (بقیہ نمبر 4)

مخصوص نشستوں پر بحال ارکان کو معطلی کے دورانیہ کی تنخواہیں دینے کا فیصلہ

تمام مخصوص نشستوں پر بحال اراکین کو معطلی کے عرصے کی تنخواہیں ادا کرنے کا فیصلہ

19 خواتین 3 اقلیتی اراکین شامل تھے، ان میں 22 میں سے 19 کی بحالی کا نوٹیفکیشن ہو چکا ہے

اسلام آباد: (زیڈ این این) مخصوص نشستوں پر بحال اراکین کی چاندی ہوگئی، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کی تمام مخصوص نشستوں پر بحال اراکین کو معطلی کے عرصے کی تنخواہیں ادا کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ پارلیمانی ذرائع نے بتایا ہے کہ ان 77 اراکین کو 13 مئی 2024 کو معطل کیا گیا تھا، (بقیہ نمبر 3)



لاہور: سینئر وزیر مریم اورنگزیب اور وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سنٹرل کنٹرول روم سے پنجاب بھر میں یوم عاشورہ پر صورت احوال کا جائزہ لے رہے ہیں

حماس کی جنگ بندی معاہدے میں ترامیم ناقابل قبول ہیں، یتن یاہو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو کے دفتر نے اعلان کیا ہے کہ اسرائیل نے حماس کی جانب سے جنگ (بقیہ نمبر 24)

ایران سے تارکینِ وطن کی ڈیڈ لائن سے پہلے واپسی، افغان سرحد پر ایمرجنسی نافذ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ اتوار کو واپسی کی آخری تاریخ سے چند دنوں پہلے ایران سے دسیوں ہزار افغان سر (بقیہ نمبر 25)

اسرائیل نے بین الاقوامی تنظیموں کو شمالی غزہ میں امداد تقسیم کرنے کی اجازت دے دی

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی سیکورٹی کابینہ نے بین الاقوامی تنظیموں کو شمالی غزہ میں امدادی سامان تقسیم کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات ایک اسرائیلی عہدیدار کے حوالے سے رپورٹ کی گئی۔

آرٹیکل 62 اور 63 آمریت کی نشانی ہیں، نکال کر پھینک دیں، سپیکر پنجاب اسمبلی

غلط بیانی پر وزیراعظم کو نااہل کیا جا سکتا تو ایوان میں ہنگامہ کرنے والوں کو کیوں نہیں؟، کیا ریفرنس پر اعتراض اٹھانے والوں کا دماغ کام کر رہا ہے؟

نواز شریف کی نااہلی پر پی ٹی آئی نے اسپیکر کے اختیار کی حمایت کی تھی، اسمبلی کی کارروائی میں رکاوٹ ڈالنا بھی حلف کی خلاف ورزی ہے

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ غلط بیانی پر وزیراعظم کو نااہل کیا جا سکتا ہے تو ایوان میں ہنگامہ کرنے والوں کو کیوں نہیں؟، نواز شریف کی نااہلی پر پی ٹی آئی نے اسپیکر کے اختیار کی حمایت کی تھی، اسمبلی کی کارروائی میں رکاوٹ ڈالنا بھی حلف کی خلاف ورزی ہے، آئین کا آرٹیکل 62 اور 63 آمریت کی نشانی ہے، جسے جمہوریت کے خلاف استعمال کیا گیا، میں آرٹیکل 62 اور 63 کا شدید مخالف ہوں، چاہیں تو انہیں نکال کر پھینک دیں، اسمبلی کو تماشہ گاہ نہیں بننے دوں گا اور نہ ہی کسی کو ایوان میں ہلڑبازی یا فحش اشاروں کی اجازت دوں گا۔ ان خیالات کا اظہار (بقیہ نمبر 22)

سندھ میں سرکاری اسپتالوں کی جانب سے کم معیاد ادویات کی خریداری جاری

کم ایکسپائری والی دوا اور زیادہ ایکسپائری والی دوا کی قیمتوں میں واضح فرق ہوتا ہے، ماہر علم الادویہ

کراچی (این این آئی) سندھ میں ادویات کی خریداری اور کم معیاد والی دواں کی خریداری کے حوالے سے موجود قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے سرکاری اسپتالوں میں کم مدت معیاد والی دواں کی خریداری کا سلسلہ جاری ہے کیونکہ کم معیاد والی دواں کی قیمتیں زیادہ معیاد والی ادویات کے مقابلے میں بہت سستی ملتی ہیں۔ سندھ کے سرکاری اسپتالوں میں ادویات کی خریداری میں مبینہ (بقیہ نمبر 23)



وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے ٹی ڈی اے پی کے بارہویں بورڈ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امت مسلمہ اتحاد یکجہتی منافرت پیدا کرنے والوں کو ناکام بنائے

حسن قبال

ہم سب بحیثیت مسلمان بحیثیت پاکستانی ایک ہیں، ملکر پاکستان کو مضبوط بنائیں گے، 10 محرم الحرام پورے عالم اسلام کے لیے ایک بہت مقدس دن ہے

اس دن نواسہ رسول حضرت امام حسینؑ نے اپنے خاندان سمیت اپنے ساتھیوں کی قربانی دے کر ایک عظیم مثال قائم کی ہے

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ امت مسلمہ اتحاد اور یکجہتی سے منافرت پیدا کرنے والوں کو ناکام بنائیں گے، ہم سب بحیثیت مسلمان بحیثیت پاکستانی ایک ہیں اور ہم مل کر انشاءاللہ تعالیٰ پاکستان کو مضبوط بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم عاشور پر مرکزی جلوس کی سکیورٹی کے انتظامات کا جائزہ لینے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سید (بقیہ نمبر 28)

پاکستان کوٹونا مچھلی کی برآمد سے 200 ملین ڈالرز آمدن متوقع

انڈین اوشین ٹونا کمیشن سے 25 ہزار ٹن کوٹہ حاصل کر لیا، وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انور چوہدری

یورپی یونین سمیت دیگر مارکیٹوں کے لیے ٹونا برآمدات کو فروغ دیا جا سکے، ایف اے او

کراچی (این این آئی) پاکستان کو آئندہ برسوں میں ٹونا مچھلی کی برآمدات سے 200 ملین ڈالرز کی آمدنی متوقع ہے، حکومت نے ماہی گیری کے شعبے میں بڑی اصلاحات متعارف کروا دی ہیں۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انور چوہدری نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان نے انڈین اوشین ٹونا کمیشن (IOTC) سے 25 ہزار میٹرک ٹن ٹونا مچھلی کا کوٹہ حاصل کر لیا ہے، جس میں 15 ہزار ٹن یلوفن ٹونا اور 10 ہزار ٹن اسکپ جیک ٹونا شامل ہیں، یہ کوٹہ ماحولیاتی تحفظ اور سمندری حیاتیات کی پائیدار (بقیہ نمبر 29)



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان میڈیا بائٹ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان کرکٹ بورڈ نے 2025-26 سیزن کا ڈومیسٹک کیلنڈر جاری کر دیا

قومی ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ یکم سے 12 مارچ تک فیصل آباد میں ہوگا، پی سی بی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے 2025-26 سیزن کا ڈومیسٹک کیلنڈر جاری کر دیا گیا۔ جاری کردہ کیلینڈر کے مطابق قائداعظم ٹرافی 22 ستمبر سے 7 نومبر تک کھیلی جائے گی۔ اس سیزن کا آغاز 15 اگست سے حنیف محمد ٹرافی سے ہوگا۔ پی سی بی کے مطابق قومی ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ یکم سے 12 مارچ تک فیصل آباد میں ہوگا۔ پی سی بی نے بتایا کہ انڈر 15، انڈر 17 اور انڈر 19 ریجنل ٹورنامنٹس بھی شیڈول کا حصہ ہیں، حنیف محمد ٹرافی میں 12 ٹیمیں شامل ہیں جن کے (بقیہ نمبر 27)

ملک بھر میں یوم عاشورہ عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا

عاشورہ کے جلوس روایتی راستوں سے ہوتے ہوئے مقررہ منازل پر پہنچ کر اختتام پذیر ہوئے، شام غریباں پا کی گئیں

عزاداران نے حضرت امام حسین کی عظیم اور لازوال قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا، سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے

اسلام آباد/لاہور/کراچی/پشاور/کوئٹہ (این این آئی) ملک بھر میں یوم عاشورہ عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا، عزاداران نے حضرت امام حسین کی عظیم اور لازوال قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا، ملک بھر میں یوم عاشور پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے، عاشورہ کے جلوس ملک بھر میں (بقیہ نمبر 31)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان راولپنڈی راجہ بازار میں عاشور جلوس کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے، اتفاق رائے سے آگے بڑھنے پر یقین رکھتے ہیں، رانا ثناء اللہ

سیاسی جماعتیں پارلیمنٹ میں واپس آئیں اور قومی مسائل کے حل کیلئے تعمیری انداز میں اپنا کردار ادا کریں

پی ٹی آئی کے بانی عمران خان عدالتی حراست میں ہیں اور کسی بھی ملاقات کی اجازت کا تعین وفاقی حکومت نہیں بلکہ عدالت کرتی ہے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے سیاسی اختلافات مذاکرات کے ذریعے حل کرنے زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت محاذ آرائی کے بجائے اتفاق رائے سے آگے بڑھنے پر یقین رکھتی ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران رانا ثناء اللہ نے ملک (بقیہ نمبر 32)

اسرائیل کی دھمکیوں میں آکر ہتھیار نہیں ڈالیں گے، حزب اللہ

بیروت (این این آئی) حزب اللہ کے رہنما نعیم قاسم نے اتوار کو کہا ہے کہ لبنانی مزاحمت کاروں کو غیر مسلح کرنے کے لیے دبا کے باوجود ان کا گروپ اسرائیلی دھمکیوں کے جواب میں سر نہیں جھکائے گا اور نہ ہی ہتھیار ڈالے گا۔ قاسم نے (بقیہ نمبر 30)

ملک بھر میں یوم عاشورہ عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا

عاشورہ کے جلوس روایتی راستوں سے ہوتے ہوئے مقررہ منازل پر پہنچ کر اختتام پذیر ہوئے، شام غریباں پا کی گئیں

عزاداران نے حضرت امام حسین کی عظیم اور لازوال قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا، سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے

اسلام آباد/لاہور/کراچی/پشاور/کوئٹہ (این این آئی) ملک بھر میں یوم عاشورہ عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا، عزاداران نے حضرت امام حسین کی عظیم اور لازوال قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا، ملک بھر میں یوم عاشور پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے، عاشورہ کے جلوس ملک بھر میں (بقیہ نمبر 31)



لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری داتا دربار میں منعقدہ "حضرت سیدنا امام حسین کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز





ویٹس، اٹلی میں "آج کے عالمی امن کو درپیش چیلنجز" کے عنوان سے ایک بین الاقوامی امن کانفرنس

شہباز بھٹی مشن انسانیت، ہم آہنگی اور امن کا علمبردار ہے۔ صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ

پاکستان میں اقلیتیں ملک کی ترقی، استحکام اور امن کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہیں ۔ سردار رمیش سنگھ اروڑہ

لاہور (خبر نگار) ویٹس، اٹلی میں آج کے عالمی امن کو درپیش چیلنجز" کے عنوان سے ایک بین الاقوامی امن کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جو شہباز بھٹی مشن کے تحت معروف امن علمبردار اکرام الحق بھٹی کی قیادت میں منعقد ہوئی۔ اس عالمی کانفرنس میں یورپ اور پاکستان سے ممتاز مذہبی، سیاسی، پارلیمانی اور سماجی شخصیات نے شرکت کی، جن میں ہیرٹن میٹیریٹ یوسف رضا گیلانی، صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ، خطیب بادشاہی مسجد مولانا عبدالخبیر آزاد، اٹلی کے مختلف آرچ بشپ، اراکین پارلیمنٹ، سول سوسائٹی اور اقلیتی تنظیموں کے سرکردہ نمائندوں کے نمائندگان شامل تھے۔ اپنے خطاب میں صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور و پنجاب سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ شہباز بھٹی مشن انسانیت، ہم آہنگی اور امن کا علمبردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتیں ملک کی ترقی، استحکام اور امن کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہیں۔ ہم سب کو اپنے تفریقاتی، مذہبی اور نسلی اختلافات سے بالاتر ہو کر انسانیت کے لیے کام کرنا ہوگا۔ یہی شہباز بھٹی کا خواب تھا جسے ہم سب نے مل کر حقیقت بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن صرف جنگ کا نہ ہونا نہیں، بلکہ یہ انصاف، انسانی وقار اور خوشحالی کے احترام کا نام ہے۔ عالمی برادری کو آسان پیغام کو اپنانا ہوگا تاکہ دنیا کو بڑھتے ہوئے انتشار سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان ایک ایسی مثال ہے جو ہر اس قوم کے لیے کام کر سکتا ہے جو انسانیت کے لیے کام کرنا چاہتی ہے۔ شہباز بھٹی کا خواب تھا جسے ہم سب

اقوام کے درمیان احترام، مکالمہ اور تعاون سے ہی پائیدار امن ممکن ہے۔ کانفرنس میں عالمی امن کے لیے مکالمے، انسانی تعاون کی ضرورت پر زور دیا گیا اور اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ معاشروں کو تعصبات اور عدم برداشت سے پاک کر کے ہی دنیا میں دیرپا امن قائم کیا جا سکتا ہے۔

ڈیمونٹ مورنسی کالج آف ڈینٹسٹری لاہور کی کلاسز پہلے کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں ہوتی تھیں

ایک صدی سے بھی زیادہ عرصہ سے قائم ڈینٹل کالج کی کلاسز پہلے کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں ہوتی تھیں



لاہور (خبر نگار) ڈیمونٹ مورنسی کالج آف ڈینٹسٹری لاہور کے پی ایم ڈی سی کے زیر اہتمام کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج کے سو سال مکمل ہونے کے موقع پر ہیرٹیج ڈے منایا گیا۔ اس موقع پر ڈینٹل کالج کی تاریخ پر مشتمل ایک خصوصی سووینئر بھی شائع کیا گیا۔ اس موقع پر ڈینٹل کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر ثمینہ رشید نے کہا کہ ڈینٹل کالج کی تاریخ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج کی تاریخ سے جڑی ہوئی ہے۔ ڈینٹل کالج کی کلاسز 1921ء میں کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں شروع ہوئی تھیں اور 1933ء میں ڈینٹل کالج کی عمارت تعمیر ہوئی۔ ڈینٹل کالج کی پہلی بیچ میں صرف 12 طلبہ تھے جن میں سے 3 طلبہ نے بعد میں میڈیکل کالج میں داخلہ لیا۔ ڈینٹل کالج کی پہلی بیچ کے طلبہ کی تعداد 1933ء میں 12 تھی جو 1938ء میں بڑھ کر 30 ہو گئی۔ 1933ء سے 1938ء تک ڈینٹل کالج کی کلاسز کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں ہوتی رہیں۔ 1938ء میں ڈینٹل کالج کی عمارت تعمیر ہونے کے بعد کلاسز وہاں منتقل ہو گئیں۔ ڈینٹل کالج کی عمارت کی تعمیر میں 1 لاکھ 25 ہزار روپے لاگت آئی تھی۔ ڈینٹل کالج کی عمارت کی تعمیر میں 50 ہزار روپے کا عطیہ ایک ہندو خاتون نے دیا تھا۔ ڈینٹل کالج کی عمارت کی تعمیر میں 50 ہزار روپے کا عطیہ ایک سکھ خاتون نے دیا تھا۔ ڈینٹل کالج کی عمارت کی تعمیر میں 25 ہزار روپے کا عطیہ ایک مسلمان

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 8 جولائی 2025ء

ڈپٹی کمشنر چکوال ساہ حیات کی زیرِ صدارت ہیلتھ ریویو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں اے ڈی سی آر محمد شہاب اسلم، اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سعید اختر، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر مختار سرور نیازی سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر ساہ حیات کے زیر صدارت ہیلتھ ریویو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے ڈی سی آر محمد شہاب اسلم، اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سعید اختر، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر مختار سرور نیازی سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر ساہ حیات نے ضلعی و تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں کے ایم ایس حضرات کو احکامات جاری کئے ہیں کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہیلتھ ویژن کے مطابق ہیلتھ کیئر سروس ڈیلوری کے عمدہ معیار پر خصوصی توجہ مرکوز رکھی جائے تاکہ آنے والے شہریوں کو مطلوبہ ریلیف بلا تاخیر فراہم کیا جاسکے۔ مزید برآں ڈپٹی کمشنر نے ہسپتالوں کے ایم ایس حضرات کو روزانہ صبح باقاعدگی سے ہیلتھ کیئر سروس ڈیلوری کے تمام شعبوں میں مانیٹرنگ وزٹس کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں تاکہ ہیلتھ کیئر مینجمنٹ کے سلسلہ میں متعلقہ شعبہ جات کی سہولیات اور کارکردگی میں مزید بہتری آسکے۔ ڈپٹی کمشنر ساہ حیات نے سی ای او ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کو تاکید کی ہے کہ مفاد عامہ میں جاری کئے گئے احکامات پر عملدرآمد پر کڑی نظر رکھی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ایم ایس، ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کو روزانہ اوقاتِ کار کی کامل پابندی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے ایمرجنسیز اور سپیشلسٹ ڈاکٹرز کو یہ بھی تاکید کی کہ متعلقہ وارڈز میں صبح اور شام کے اوقات میں موجود رہیں۔ علاوہ ازیں ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنرز کو بھی ہدایات جاری کیں کہ متعلقہ تحصیلوں کے ہسپتالوں میں اچانک انسپکشن کر کے کارکردگی پر کڑی نظر رکھی جائے

جہلم مون سون کا نیا اسپیل پاکستان میں داخل ہوگیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مون سون کا نیا اسپیل پاکستان میں داخل ہوگیا جس کے بعد بیشتر علاقوں میں موسلا دھار بارشوں کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پنجاب بھر میں مون سون بارشوں کا نیا سلسلہ داخل ہو چکا ہے، جس کے باعث جہلم سمیت پنجاب کے متعدد اضلاع میں شدید بارشوں کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ ضلعی ہیڈکوارٹر میں دن بھر شدید گرمی حبس اور خشک موسم برقرار رہنے کے بعد رات گئے گرج چمک کیساتھ موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے، جبکہ کم سے کم درجہ حرارت 24 اور زیادہ سے زیادہ 35 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا کہ مون سون کا بارش برسانے والا سسٹم دوبارہ پاکستان میں داخل ہو چکا ہے

ناقص ایل پی جی سلنڈرز استعمال کرنیوالی گاڑیوں اور فٹنس سرٹیفکیٹ نہ رکھنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں

اس حوالے سے روزانہ کی بنیاد پر مختلف ٹیمیں سرگرم عمل ہیں جن کی مانیٹرنگ یقینی بنائی جارہی ہے

تیچوپورہ (بیورو رپورٹ) ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی میڈم حنا رحمان نے بتایا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر اور ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کی نگرانی میں ناقص ایل پی جی سلنڈرز استعمال کرنیوالی گاڑیوں اور فٹنس سرٹیفکیٹ نہ رکھنے والی گاڑیوں کے خلاف کاروائیاں کی گئی ہیں اس حوالے سے روزانہ کی بنیاد پر مختلف ٹیمیں سرگرم عمل ہیں جن کی مانیٹرنگ یقینی بنائی جارہی ہے تاکہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کو عملی جامہ پہنایا جاسکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی میڈم حنا رحمان نے بتایا کہ گزشتہ ماہ 194 گاڑیوں کے چالان کر کے نقد جرمانہ کی مد میں 3 لاکھ 20 ہزار روپے وصول کئے گئے جبکہ 35 گاڑیوں کو موقع پر ہی جرمانہ کر کے روڈ سے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی سرگرم عمل ٹیموں نے چیچوٹ کے مختلف مقامات پر لگے 17 ناکہ خانوں اور 72 سیلوں کا معائنہ کیا اور محرم الحرام میں نظر و نیاز کی فراوانی کے ساتھ خوراک کے معیار کو بھی محفوظ خاطر رکھنے کی ہدایات دی گئیں۔

یوم عاشور پر شہریوں کو معیاری خوراک کی فراہمی کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی سرگرم عمل رہی

چیچوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ یوم عاشور پر شہریوں کو معیاری خوراک کی فراہمی کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی سرگرم عمل رہی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر یوم عاشور کے ضلع بھر کے مرکزی جلوسوں کے روٹس پر پنجاب فوڈ اتھارٹی چیچوٹ کی جانب سے سبیلوں اور لنگر و نیاز دیگیں کی چیکنگ کی گئی۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے چیچوٹ کے مختلف مقامات پر لگے 17 لنگر خانوں اور 72 سبیلوں کا معائنہ کیا اور محرم الحرام میں نظر و نیاز کی فراوانی کے ساتھ خوراک کے معیار کو بھی محفوظ خاطر رکھنے کی ہدایات دی گئیں۔

جہلم شہر میں چینی کی قیمت میں مزید اضافہ کر دیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں چینی کی قیمت میں مزید اضافہ کر دیا گیا، فی کلو قیمت 5 روپے اضافے کے بعد تھوک میں 1 سو 82 روپے فی کلو جبکہ پرچون میں 1 سو 90 روپے فی کلو فروخت ہونے لگی تفصیلات کے مطابق۔ شہر میں چینی کی فی کلو قیمت میں 5 روپے کا مزید اضافہ کر دیا گیا ہے، چینی کی فی کلو قیمت 1 سو 77 سے بڑھ کر 1 سو 82 روپے کر دی گئی ہے جبکہ شہر کے مضافاتی علاقوں میں چینی 190 روپے فی کلو میں بھی فروخت کی جارہی ہے۔ علاوہ ازیں چینی کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ کیا گیا ہے

سابق مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب صدف بٹ کی خوش دامن انتقال کر گئیں

نماز جنازہ ادا کر دیا گیا، چوہدری پرویز الٰہی سمیلی کیجانب سے اظہار تعزیت



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب و مرکزی صدر پاکستان تحریک انصاف چوہدری پرویز الٰہی کے پولیٹیکل سیکرٹری و سابق مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب صدف بٹ کی خوش دامن بقضائے الٰہی انتقال کر گئیں جن کی نماز جنازہ میں سمیلی سمیت سیاسی و سماجی شخصیات نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی بعدازاں انہیں آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ سابقہ وزیر اعلیٰ پنجاب و رہنما تحریک انصاف چوہدری پرویز الٰہی نے اپنے اور انکی فیملی کیجانب سے اپنے ترجمان صدف بٹ کیساتھ انکی خوش دامن (ساس) کی وفات پر اظہار تعزیت کیا اور مرحومہ کے درجات بلندی کے لیے دعائی اپنے پیغام میں چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ وہ اور انکی فیملی آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

سیالکوٹ عاشورہ محرم جلوس بخیر و عافیت اختتام پذیر خواجہ آصف کی شرکت

چیف وارڈن سول ڈیفنس طاہر کپور کی زیر قیادت رضا کاران نے ڈیوٹی سرانجام دی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) عاشورہ محرم الحرام کے موقع پر مرکزی جلوس امام بارگاہ اڈہ پسروریاں، مسجد زینبیہ سے برآمد ہوئے جن میں عزاداران امام حسین علیہ السلام نے ماتم و زنجیر زنی کی۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف و ایم پی اے منشاء اللہ بٹ نے بیری والا چوک میں مجلس عزا میں شرکت کی جس کے بعد تعزیہ علم و ذوالجناح کیساتھ جلوس چوک شہیداں پہنچا جہاں عزاداران اہل بیت نے نماز ظہرین ادا کی بعدازاں مجلس عزا منعقد ہوئی جس میں ہزاروں عزاداران نے شرکت کی۔ دی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی زیر قیادت سیالکوٹ پولیس، چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی زیر قیادت 300 باوردی رضا کاران، رینجرز، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی و ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو محمد اقبال سکھیرہ و ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید ایوب بخاری کی زیر نگرانی ضلع بھر میں انتظامیہ نے عاشورہ محرم کے فول پروف انتظامات و سیکیورٹی دی۔ مغرب کے وقت تمام جلوس بخیر و عافیت اختتام پذیر ہوئے۔

جب کوئی حسین علیہ السلام جیسی نعمت کو چھوڑ دے تو یزید جیسی لعنت اسکا مقدر بن جاتی ہے

مسجد اقصیٰ میں امیر المومنین امام حسین علیہ السلام اور انکے رفقاء کی بے مثال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے عظیم الشان محفل لبیک یا حسین علیہ السلام کا نفرس کا انعقاد

ڈسکہ/ بمبانوالہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تقاضہ عدل ہے جب کوئی حسین علیہ السلام جیسی نعمت کو چھوڑ دے تو یزید جیسی لعنت اسکا مقدر بن جاتی ہے صاحبزادہ جواد نظامی بمبانوالہ میں حافظ عزیز الرحمن صاحب کی جانب سے مسجد اقصیٰ میں امیر المومنین امام حسین علیہ السلام اور انکے رفقاء کی بے مثال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے عظیم الشان محفل لبیک یا حسین علیہ السلام کانفرس کا انعقاد کیا گیا جس میں ماں صاحبزادہ محمد جواد نظامی حافظ غلام مرتضیٰ صدر سنی تحریک ضلع میانوالی علامہ قاری نبیل حیدر محمودی علامہ قاری فیاض ساجد نقشبندی محمد عثمان مدنی احمد رضا قادری صوفی امجد قادری یوسف نیفی علامہ قاری کلیم اللہ قادری صوفی فیضان رضوی قاری امیر علی صاحبزادہ فیض الرحمن سمیت علماء مشائخ اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد میں شرکت اس موقع پر صاحبزادہ جواد نظامی کا اپنے خطاب میں کہنا تھا کہ موجودہ دور میں سوشل میڈیا کے اوپر اہل بیت کے خلاف لغو مواد پوسٹ کر کے امت میں تفرقہ پھیلانے کی کوشش کی جارہی ہے نوجوان سوشل میڈیا پہ چلنے والے لغو پروپیگنڈے اور اہل بیت کی شان کے خلاف اپلوڈ ہونے والے مواد کا بائیکاٹ کریں امام حسین علیہ السلام کی ذات بابرکات کل بھی تقسیم کرتی تھی آج بھی اور قیامت تک تقسیم کرے گا یزید کل بھی فاسق فاجر تھا اور قیامت تک فاسق و فاجر رہے گا سوشل میڈیا میں جو لوگ یزید کی حمایت کرتے ہیں ایسے لوگوں کا فصور نہیں یہ تقاضہ عدل ہے جب کوئی حسین علیہ السلام جیسی نعمت کو چھوڑ دے تو یزید جیسی لعنت اسکا مقدر بن جاتی ہے

ڈی پی ایس اسکول کے 8 اساتذہ آن لائن فراڈ کا شکار

بینک اکاؤنٹس سے 2 لاکھ 25 ہزار سے زائد رقم غائب



میاں چنوں (اشعر نعمان سے) ڈی پی ایس اسکول کے 8 اساتذہ آن لائن فراڈ کا شکار، بینک اکاؤنٹس سے 2 لاکھ 25 ہزار سے زائد رقم غائب تفصیلات کے مطابق میاں چنوں میں آن لائن اسکیمنگ کا ایک اور واقعہ سامنے آگیا، ڈی پی ایس اسکول کے آٹھ اساتذہ کے بینک آف پنجاب توکل برانچ میں موجود تنخواہوں کی رقم مبینہ طور پر فراڈ کے ذریعے نکال لی گئی، متاثرہ اساتذہ جب رقم نکلوانے بینک پہنچے تو معلوم ہوا کہ ان کے اکاؤنٹس سے رقم غائب ہو چکی ہے، متاثرین کے مطابق نکالی گئی رقوم درج ذیل ہیں: نبیلہ رفیق: 45,000 روپے، عبیدہ عمران: 28,000 روپے، ثناء مقبول: 27,000 روپے، نرگس مختار: 19,700 روپے، سازی انور: 21,000 روپے، انیلہ رفیق: 36,000 روپے، وقار عابد: 29,378 روپے، اعجاز جاوید: 19,700 روپے اساتذہ نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ فوری نوٹس لیتے ہوئے ان کے نقصان کی تلافی کی جائے اور ملوث عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

فیروز وٹواں (محمد بوٹا بھٹی) سیاسی، سماجی، مذہبی حلقوں تاجر تنظیموں کی جانب سے عشرہ محرم الحرام 2025 کے پُرامن انعقاد پر سیکیورٹی اداروں کو خراج تحسین

ہم تمام اداروں اور افسران کی انتھک محنت، تعاون، اور شب و روز کی کاوشوں کو نہ صرف سراہتے ہیں

ڈی ایس پی سی آئی اے طارق صدیق بھٹی، ڈی ایس پی صدر سرکل احسان ظفر ندھو، ایس ایچ او گھی منڈی جمشید اقبال ریسکیو 1122 رسول ڈیفنس کے پیشل برانچ کے آئی بی سی ٹی ڈی کے علاوہ اسسٹنٹ کمشنر ایس ڈی پی او ز کے دوران مجالس ہائے عزا اور جلوس ہائے عزا بالخصوص 7، 9 اور 10 محرم الحرام کے دنوں میں مثالی سیکیورٹی، بین المسالک ہم آہنگی، صفائی، سہولیات اور نظم و ضبط کے شاندار انتظامات کو یقینی بنانے پر ہم ڈی سی شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ، سپرنٹنڈنٹ پولیس آفیسر شیخ بلال احمد، ایس پی انویسٹی گیشن رانا غلام عباس، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی سروسز اور سیکیورٹی میاں منظور احمد، ڈی ایس پی مرتضیٰ ڈوگر، ایس ڈی پی او شرقپور سید ذوالفقار حسین بخاری، ٹریفک وارڈن انچارج



ایڈیٹوریل

نوٹ: کالم نگاروں کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

معیشت میں شفافیت لانے کے لئے ڈیجیٹل ٹرانزیکشن سسٹم ناگزیر ہے

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معیشت میں شفافیت لانے کے لئے ڈیجیٹل ٹرانزیکشن سسٹم ناگزیر ہے، شہریوں اور کاروباری اداروں کے درمیان ادائیگی کو آسان بنانا ضروری ہے۔کیش لیس اور ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کے حوالے سے وزیراعظم کی زیرصدارت ہفتہ وار اجلاس ہوا، جس میں ڈیجیٹل ٹرانزیکشنز کو معیشت میں شفافیت لانے کا بنیادی ذریعہ قرار دیا گیا۔وزیراعظم نے کہا کہ شہریوں اور کاروباری اداروں میں ادائیگیوں کو آسان اور تیز بنانے کیلئے ڈیجیٹل نظام کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے، کیش لیس معیشت سے متعلق قائم کردہ کمیٹیاں تمام سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کر کے قابلِ عمل تجاویز جلد پیش کریں۔اجلاس میں بتایا گیا کہ گزشتہ اجلاس میں قائم کی گئی ڈیجیٹل پیمنٹس انوویشن اینڈ ایڈوپشن کمیٹی، ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر کمیٹی اور گورنمنٹ پیمنٹس کمیٹی تشکیل دی جا چکی ہیں، جنہوں نے معیشت کی ڈیجیٹائزیشن سے متعلق حکمت عملی پر وزیراعظم کو تفصیلی بریفنگ دی۔اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان ڈیجیٹل ادائیگیوں کو سہل بنانے اور تاجر طبقے کو اس نظام میں شامل کرنے کیلئے حکمت عملی وضع کر رہا ہے، چھوٹے کاروباروں کی شمولیت کیلئے خصوصی پیکیج متعارف کرانے کی تیاری مکمل کر لی گئی ہے۔اسی طرح ڈیجیٹل ادائیگیوں کیلئے موبائل فون ایپلی کیشنز استعمال کرنے والوں کی تعداد 95 ملین سے بڑھا کر 120 ملین، کیو آر کوڈ استعمال کرنے والے تاجروں کی تعداد 0.9 ملین سے 2 ملین اور مجموعی ڈیجیٹل ٹرانزیکشنز کو 7.5 بلین روپے سے 12 بلین روپے تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، تاہم وزیراعظم نے تمام اہداف کو دگنا کرنے کی ہدایت جاری کی۔اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ ''ڈیجیٹل نیشنل پاکستان'' کے تحت ڈیجیٹل معیشت کے منصوبے کا آغاز ہو چکا ہے، جبکہ اسلام آباد سٹی ایپ اب تک 1.3 ملین بار ڈاؤن لوڈ ہو چکی ہے اور اس پر 15 سروسز دستیاب ہیں۔اس ایپ کے ذریعے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی مد میں 15.5 ارب روپے سے زائد رقم وصول کی جا چکی ہے، ''ڈیجیٹل پاکستان آئی ڈی'' منصوبے پر بھی تیزی سے کام جاری ہے، جبکہ اسلام آباد میں ای-اسٹیمپنگ کی سہولت جلد متعارف کرائی جا رہی ہے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ وفاقی دارالحکومت کے ہسپتالوں، تعلیمی اداروں، سرکاری دفاتر، پارکس اور میٹرو بس لائنز پر وائی فائی انٹرنیٹ کی سہولت کی فراہمی کیلئے کام جاری ہے، وزیراعظم نے یہ سہولیات آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان اور دیگر وفاقی علاقوں تک توسیع دینے کی ہدایت بھی جاری کی۔اجلاس میں وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک، وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر توقیر شاہ، وزیر مملکت برائے خزانہ وریلوے بلال اظہر کیانی اور دیگر متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

زہران ممدانی: امریکی سیاست کا نیا چہرہ اور ٹرمپ کی دھمکیوں کا پس منظر



دنیا کے بہت سے ممالک میں جمہوریت کے نام پر جو تماشا جاری ہے، وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔ کہیں آئینی خلاء، کہیں ادارہ جاتی ٹکراؤ، اور کہیں شخصی مفادات کی سیاست — ان سب نے عوام کے اعتماد کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ ایسے میں امریکہ جیسا ملک، جو طویل عرصے تک جمہوری اصولوں، انسانی حقوق اور قانون کی بالادستی کا عالمی نشان سمجھا جاتا رہا، اگر انہی کمزوریوں کا شکار ہونے لگے تو سوالات اٹھنا فطری ہیں۔

امریکی سیاست میں جو کچھ آج کل ہو رہا ہے، وہ محض داخلی کشمکش نہیں بلکہ عالمی سطح پر امریکہ کے سیاسی وقار کے لیے ایک امتحان بن چکا ہے۔

زہران ممدانی جیسے ابھرتے ہوئے، متوازن اور جمہوریت پر یقین رکھنے والے سیاست دانوں کو نشانہ بنانا، اور ان کے نظریات کو غداری یا انتہا پسندی سے جوڑنا، کسی مہذب معاشرے کے شایانِ شان نہیں۔

زہران ممدانی یوگانڈا میں پیدا ہوئے، ان کے والدین بھارتی نژاد تھے، اور کم عمری میں وہ امریکہ منتقل ہوئے۔ تعلیم، شعور، اور فکری تربیت کے ساتھ انہوں نے اپنی سیاست کا آغاز کیا۔ نیویارک اسٹیٹ اسمبلی کے رکن کی حیثیت سے ان کی پہچان ایک ترقی پسند، عوام دوست اور اصول پرست سیاست دان کے طور پر بنی۔ اب وہ نیویارک کے میئر کے امیدوار ہیں، اور نوجوان، اقلیتی اور مہذب طبقوں میں اُن کی مقبولیت بڑھ رہی ہے۔

زہران نہ صرف کرایہ داروں کے حقوق، مفت پبلک ٹرانسپورٹ، اور سماجی تحفظ جیسے مسائل پر آواز بلند کرتے ہیں بلکہ وہ امریکی سیاست کے اس زنگ آلود ڈھانچے کو بھی چیلنج کرتے ہیں جس نے برسوں سے حقیقی نمائندوں کے لیے راستے بند کیے ہوئے تھے۔

مگر یہی شفافیت اور بے باکی شاید سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے لیے قابلِ برداشت نہیں۔ حالیہ تقریر میں انہوں نے ممدانی کو "کیمونسٹ" کہا اور یہ دھمکی بھی دی کہ اگر وہ امیگریشن قوانین میں تبدیلی کی کوشش کریں گے تو نہ صرف ان کی شہریت منسوخ کی جائے گی بلکہ جیل بھی بھیجا جا سکتا ہے۔ یہ زبان اور اندازِ فکر کسی جمہوری ریاست کے شایانِ شان نہیں، بلکہ ایک ایسے مزاج کی غمازی ہے جو اختلاف رائے کو برداشت کرنے کے بجائے کچلنے کو ترجیح دیتا ہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ امریکہ جس قسم کی سیاسی انتہا پسندی، الزامات کی سیاست، اور ادارہ جاتی کمزوریوں کا شکار ہو رہا ہے، وہ ہمیں کئی دوسرے ملکوں میں پہلے سے نظر آ چکی ہیں۔ خاص طور پر جنوبی ایشیا میں، جہاں آئینی معاملات میں پیچیدگیاں، قانونی نظام میں سست روی، اور بعض اوقات مقدمات میں انصاف کے تقاضوں سے ہٹ کر فیصلے عوام میں بے چینی کا باعث بنتے ہیں۔

پاکستان کی صورتِ حال بھی کچھ ایسی ہی ہے۔ بلاشبہ ہمارے ادارے ایک تاریخی عمل سے گزر رہے ہیں، لیکن سچ یہ ہے کہ عوام کا ان پر اعتماد مجروح ہوتا جا رہا ہے۔ عدالتوں سے متعلق بھی یہ احساس پھیل رہا ہے کہ فیصلے شاید انصاف سے زیادہ کسی اور تاثر کے زیرِ اثر ہوتے ہیں۔

یہاں تک کہ ایک بڑی سیاسی جماعت کے سینئر رہنما نے حال ہی میں یہ سوال بھی اٹھا دیا کہ "جج جو خود قیدیوں کی مانند ہیں، وہ ہمیں کیا انصاف دیں گے؟" یہ الفاظ محض سیاسی نعرہ نہیں، بلکہ ایک گہری مایوسی اور اعتماد کے بحران کی عکاسی کرتے ہیں۔

جمہوریت صرف انتخابات کا نام نہیں، بلکہ اداروں کی غیر جانبداری، شفافیت، اور اعتماد کا نام ہے۔ جہاں قانون سب کے لیے ایک جیسا نہ ہو، وہاں جمہوری توازن بگڑنے لگتا ہے۔ اگر عوام کو یہ لگے کہ قانون صرف کمزور پر لاگو ہوتا ہے، اور طاقتور کے لیے جُدا اصول ہیں، تو پھر سوالات اُٹھنا فطری ہیں۔ پاکستان جیسے ملک میں، جہاں عوام نے بے پناہ قربانیاں دی ہیں، وہاں یہ ضروری ہے کہ ریاستی ادارے اپنے طرزِ عمل پر نظرثانی کریں اور اصلاح کی طرف بڑھیں۔

اسی پس منظر میں اگر ہم امریکہ کو دیکھیں تو حیرت ہوتی ہے کہ وہاں بھی وہی رویے جنم لے رہے ہیں۔ جہاں سیاستدان اختلافِ رائے کو دشمنی بنا لیتے ہیں، اور ریاستی ادارے ایک فریق بننے لگتے ہیں۔

ٹرمپ کا بیان محض زہران ممدانی پر حملہ نہیں، بلکہ اس نئی نسل کی سوچ پر وار ہے جو ایک بہتر، منصفانہ اور مساوات پر مبنی امریکہ کی تعمیر کرنا چاہتی ہے۔

زہران ممدانی نہ صرف ایک فرد، ایک مسلمان، یا ایک تارکِ وطن ہیں، بلکہ وہ ایک نظریہ ہیں— وہ نظریہ جو بتاتا ہے کہ سیاست کا مطلب صرف طاقت کا کھیل نہیں، بلکہ عوام کی خدمت ہے۔ ان کا راستہ مشکل ضرور ہے، مگر تاریخ گواہ ہے کہ مشکل راستے ہی ہمیشہ سچائی کی طرف جاتے ہیں۔

امریکہ کے لیے یہ وقت ہے کہ وہ اپنے اندر جھانکے، اپنے اداروں، عدالتوں اور سیاسی کلچر کا جائزہ لے، اور یہ سوچے کہ وہ کس سمت جا رہا ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ بھی انہی ممالک کی صف میں کھڑا ہو جائے جن پر وہ برسوں سے جمہوریت کے سبق پڑھاتا رہا ہے۔

زہران جیسے سیاستدان وہ آئینہ ہیں جو امریکہ کو خود اس کا چہرہ دکھاتے ہیں۔ اگر یہ آئینہ توڑنے کی کوشش کی گئی، تو دراصل امریکہ اپنے ہی چہرے سے نظریں چُرا رہا ہوگا

حسینی کردار اور امت کا نوجوان



محرم کا مہینہ کوئی عام مہینہ نہیں یہ قربانی وفا سچائی غیرت شعور اور بیداری کا استعارہ ہے یہ وہ مہینہ ہے جو ہمیں صدیوں پرانا نہیں بلکہ ہمیشہ نیا سبق دیتا ہے یہ ہر سال ہمیں جھنجھوڑتا ہے ہمیں آئینہ دکھاتا ہے اور ہمیں دعوت دیتا ہے کہ ہم صرف آنسو نہ بہائیں بلکہ سوال کریں یہ مہینہ خاص طور پر نوجوانوں کو آواز دیتا ہے کہتا ہے کہ اے نوجوان تم امت کا سرمایہ ہو تم امت کی امید ہو تم وہ ہو جن کے کاندھوں پر کل کا اسلام ہے تو پھر بتاؤ تم کہاں ہو تم کس طرف ہو تم کس کی فکر کے وارث ہو حسین کے یا یزید کے۔ امام حسین نے کوئی تاج و تخت کے لیے سفر نہیں کیا وہ تو مکہ چھوڑ کر کوفہ کی طرف اس لیے روانہ ہوئے تھے کہ وہ ظلم کے خلاف اپنی خاموشی کو گناہ سمجھتے تھے وہ جانتے تھے کہ وقت آ چکا ہے جب خاموشی جرم بن جاتی ہے جب حاکم ظالم ہو قوم خاموش ہو اور سچ بولنے والا اکیلا ہو تب حسین جیسا کردار ہی تاریخ کو بچا سکتا ہے وہ جانتے تھے کہ ان کی قربانی ایک وقت آنے والی نسلوں کو یہ سکھائے گی کہ باطل کے سامنے جھکنا حرام ہے چاہے قیمت کتنی ہی بڑی کیوں نہ ہو۔ آج کا نوجوان کس حال میں ہے کیا وہ جانتا ہے کہ اس کی روحانی طاقت کیا ہے کیا اسے احساس ہے کہ اس کی انگلیوں کے نیچے جو موبائل ہے اس سے وہ حق بھی پہنچا سکتا ہے اور فحاشی بھی کیا اسے معلوم ہے کہ امام حسین نے اپنی زبان سے صرف نعرہ نہیں لگایا بلکہ اپنا سب کچھ قربان کیا اپنے بیٹے اپنے ساتھی حتی کہ اپنا خون زمین پر بہا دیا صرف اس لیے کہ کل کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ حق خاموش رہا۔ قرآن کہتا ہے کہ اللہ نے مومنوں سے ان کی جان اور مال خرید لیے ہیں جنت کے بدلے کیا ہم نے یہ سودا کیا ہے کیا ہم نے اپنے نفس کو اپنی خواہشات کو اپنے وقت کو اپنے وسائل کو اللہ کے لیے وقف کیا ہے یا ہم نے اپنا ہر لمحہ انٹرٹینمنٹ کے نام پر گنوا دیا ہے امام حسین نے تو اپنے بچے بھی قربان کر دیے اور ہم موبائل سے فحش مواد نہیں چھوڑ سکتے ہم جھوٹ بولنا نہیں چھوڑ سکتے ہم اپنی محفلوں سے غیبت نہیں نکال سکتے تو پھر ہم کس منہ سے کہتے ہیں کہ ہم حسینی ہیں۔ امام حسین کا پیغام وقت سے بالاتر ہے ان کا کربلا ایک لمحے کا واقعہ نہیں یہ ایک مسلسل دعوت ہے ایک آواز ہے جو ہر صدی ہر قوم ہر فرد کو بلاتی ہے آؤ اگر تم زندہ ہو تو جاگو اور جو جاگتا نہیں وہ مردہ ہے چاہے سانسیں چل رہی ہوں۔ آج کے یزید تلواروں کے ساتھ نہیں آتے وہ دماغوں کو قید کرتے ہیں نظریات میں زہر گھولتے ہیں میڈیا کے ذریعے باطل کو خوبصورت بنا کر پیش کرتے ہیں وہ الحاد کو ترقی کا نام دیتے ہیں بے حیائی کو آزادی کہتے ہیں اور دین کو دقیانوسیت اس جملے سے صرف وہی نوجوان بچ سکتا ہے جو حسینی کردار کو اپنی روح میں بسا لے جو صرف تقریریں نہ سنے بلکہ کردار میں اتار لے۔ ایک نوجوان کی بیداری ایک انقلاب کی شروعات ہو سکتی ہے امام حسین کی فوج میں بہتر افراد تھے لیکن وہ وقت کے فرعون کے سامنے ڈٹ گئے آج ہمارے پاس تعداد ہے تعلیم ہے وسائل ہیں مگر ہم بکھرے ہوئے ہیں کیوں کیونکہ ہمیں وہ مقصد بھول گیا جو امام حسین کو یاد تھا۔ محرم ہمیں صرف ماضی کی یاد نہیں دلاتا یہ ہمیں مستقبل کی تیاری کا حکم دیتا ہے یہ ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتا ہے کہ کیا ہم صرف آنسو بہانے آئے ہیں یا چراغ جلانے کیا ہم صرف روایتوں کے اسیر ہیں یا شعور کے علمبردار جب تک ہمارا دین صرف محرم کی مجلسوں رمضان کی عبادات اور عید کی خوشیوں تک محدود ہے ہم حسین کے پیروکار نہیں۔ حسینی ہونا صرف کربلا یاد کرنا نہیں بلکہ کربلا جینا ہے اگر دفتر میں جھوٹ بولا تو حسینی نہیں اگر رشوت لی تو حسینی نہیں اگر بہن کی عزت نہ کی تو حسینی نہیں اگر وقت ضائع کیا تو حسینی نہیں اگر حرام کمایا تو حسینی نہیں حسینی وہ ہے جو ہر دن اپنے نفس کے یزید کو قتل کرے جو ہر صبح حق پر جینے کا عہد کرے جو ہر رات اپنا محاسبہ کرے۔ قرآن ہمیں بار بار بتاتا ہے کہ صبر حق اور تقوی کی راہ ہی کامیابی کی راہ ہے امام حسین نے یہ سب کچھ کر کے دکھایا انہوں نے ہمیں بتا دیا کہ مومن کبھی ظالم کے آگے سر نہیں جھکاتا آج ہمیں پھر سے اسی پیغام کی ضرورت ہے کیونکہ ظلم پھر سے غالب ہے حق پھر سے لاوارث ہے اور قوم پھر سے غفلت میں ہے۔ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ علم حاصل کریں مگر شعور کے ساتھ وہ جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھائیں مگر ایمان کے ساتھ وہ سیاست کو سمجھیں مگر اصولوں کے ساتھ وہ میڈیا استعمال کریں مگر مقصد کے ساتھ وہ کمانے کے لیے نکلیں مگر حلال طریقے سے وہ شادی کریں مگر دین کو بنیاد بنا کر وہ بولیں مگر سچ وہ جئیں مگر صرف اللہ کے لیے۔ جو قومیں اپنے ماضی کو بھول جاتی ہیں ان کا مستقبل کبھی روشن نہیں ہوتا امام حسین صرف ایک شخصیت نہیں وہ ایک مکتب فکر ہیں ایک تحریک ہیں ایک کردار کا نام ہیں جس نے بھی ان کے راستے پر قدم رکھا وہ زندہ رہا اور جس نے انکار کیا وہ تاریخ میں دفن ہو گیا

یہ وقت ہے کہ ہم اپنے دل سے پوچھیں کیا ہم حسینی ہیں کیا ہماری زندگی میں وہ سچ وہ قربانی وہ صبر وہ استقامت وہ غیرت وہ شعور وہ توکل وہ خدا پرستی ہے اگر نہیں تو پھر ہمیں خود کو بدلنا ہوگا۔ امام حسین نے ہمیں دکھایا کہ اللہ کی رضا کے سوا کوئی مقصد نہیں انہوں نے ہمیں یہ بھی سکھایا کہ قربانی صرف جان دینے کا نام نہیں وقت دینا صلاحیت دینا نفس کی مخالفت کرنا یہ بھی قربانی ہے وہ نوجوان جو ہر رات فضول ویڈیوز میں گزر دیتا ہے وہ کیا جانے حسین کی رات کیسی ہوتی تھی جو ہر روز دین سے دوری کو معمول سمجھتا ہے وہ کیا سمجھے گا کہ دین کے لیے قربانی دینا کیسا ہوتا ہے جو ماں باپ کی بات نہ سنے وہ علی اکبر کا احترام کیا سمجھے گا اور جو بہن کی عزت نہ کرے وہ زینب کی غیرت کیا سمجھے گا۔ کیا ہم نے کبھی سوچا کہ امام حسین کے ساتھ جن بچوں نے قربانی دی وہ ہمارے آج کے بچوں کی طرح کھیل سکتے تھے وہ بھی دنیا دیکھ سکتے تھے لیکن ان کے والدین نے انہیں دین کے لیے قربان کر دیا اور آج ہم اپنے بچوں کو کیا دے رہے ہیں یوٹیوب انسٹاگرام فضول گیمز دنیا پرستی اور نفس پرستی۔ محرم ہمیں بتاتا ہے کہ مومن کا وقت قیمتی ہے اس کا کردار روشن ہوتا ہے اس کی زبان پاک ہوتی ہے اس کی آنکھ جھکی ہوتی ہے اس کا ہاتھ نیکی کے لیے اٹھتا ہے اس کا قدم حق کی طرف بڑھتا ہے اس کا دل اللہ سے جڑا ہوتا ہے اس کی دوستی نیک لوگوں سے ہوتی ہے وہ زندگی میں وہی کچھ کرتا ہے جس سے قیامت کے دن شرمندگی نہ ہو۔ اب وقت ہے کہ ہم اپنے سوشل میڈیا پر صرف تصویریں نہ لگائیں بلکہ ویڈیوز بنائیں آرٹیکلز لکھیں اصلاحی پیغام پھیلائیں ہمیں نوجوانوں کے لیے نئی مجلسوں کی ضرورت ہے جو صرف رلائیں نہیں سمجھائیں بھی۔ محرم کا اصل تقاضا یہی ہے بیداری تبدیلی اور جدوجہد۔ یہ مہینہ صرف آنکھوں سے بہنے والے آنسو نہیں روح سے اٹھنے والے سوالات بھی مانگتا ہے اور سوال یہ ہے کیا میں حسینی ہوں اگر ہم آج سے اپنا محاسبہ شروع کریں اگر ہم آج سے جھوٹ چھوڑ دیں حرام رزق ترک کریں نیکی کو اپنائیں فحاشی سے بچیں دین کو وقت دیں علم کو عام کریں۔ نوجوانوں کو بیدار کریں امت کی اصلاح کی نیت کریں تو یقیناً کل کا محرم صرف مجلس کا نہیں ایک انقلاب کا مہینہ ہوگا اور جہاں حسین کا پیغام ہو وہاں دل بیدار ہوتے ہیں غلامی ٹوٹتی ہے شعور جاگتا ہے قوم اٹھ کھڑی ہوتی ہے اور دنیا جان لیتی ہے کہ حق ہمیشہ زندہ رہتا ہے۔

کربلا کے مسافر

ایم سرور صدیقی

10 محرم 61ھ بروز جمعہ 10 اکتوبر 680ء کا دن تاریخ بھلانا بھی چاہے تو نہیں بھلا سکتی اس روز سورج طلوع ہوا تو یوں لگ رہا تھا جیسے اس کی دہشت میں اضافہ ہو گیا ہو اوپر چلچلاتی دوپہر نیچے تپتی ہوئی ریت ،ہر کوئی پسینے سے شرابور۔

فرات کے کنارے اب یزیدی لشکر اور حسینی لشکر آمنے سامنے تھا گویا طبل جنگ بج چکا تھا لیکن کمال بات یہ تھی کہ ایک سو سے بھی کم کے مقابل ہزاروں سپاہی ہر قسم کے اسلحہ سے لیس نعرے لگا رہے تھے لیکن وہ اندر سے خوفزدہ تھے امام حسینؓ نے اپنے ساتھیوں سے کہا ہم پہلے نماز ظہر ادا کریں گے آذان کی سرمدی آواز فضا میں بلند ہوئی وہ اللہ کے حضور سجدہ ریز ہونے کے لئے صفیں بنانے لگے کہ نہ جانے کدھر سے ایک تیر آیا اور ابوثمامہؓ صائدی کے سینے میں پیوست ہو گیا وہاں سے خون کا ایک فوارہ ان کے جسم کو رنگین کرتا ہوا پورے وجود میں پھیل گیا ابوثمامہؓ صائدی نماز کی حسرت دل ہی دل میں لیے شہید ہو گئے اس کے باوجود حضرت امام حسینؓ نے اپنے اصحاب کے ساتھ نماز ظہر'' صلوۃ الخوف'' کے مطابق ادا فرمائی۔عجب بات یہ تھی کہ یزیدی لشکر سے بھی اذان کی آواز آ رہی تھی جس شخصیت کے خلاف وہ صف آرا ہو کر جان کے دشمن ہو رہے تھے اس کے نانا کا نام سن کر بھی وہ خواب غفلت سے نہ جاگے یہ کمال بے حسی تھی یا اسے بے حسی کی معراج بھی کہا جا سکتا ہے نماز ادا کر لینے کے بعد دونوں جانب سے صف بندی شروع ہو گئی نقارے بجنے لگے،ماحول پر عجب وحشت کا راج تھا گویا جنگ شروع ہو گئی یزیدی لشکر نے اپنے ہی کلمہ گو بھائیوں کو انہی کے خون سے غسل دینا شروع کر دیا فضا زخمیوں کی آہوں،چیخوں اور شور سے گونجنے لگی ۔ مخالفین کا ہدف امامؓ عالی مقام تھے دشمن ان تک پہنچنا چاہتے تھے تاکہ یہ جنگ جلد از جلد منطقی انجام تک چلی جائے زہیر ؓبن القین نے ننگی تلوار لے کر آپ کے گرد چکر لگانا شروع کر دیئے تاکہ دشمن کوئی نقصان نہ پہنچا سکے انہوں نے کئی خون کے پیاسوں کو واصل کر دیا بالآخر وہ بھی شہید ہو گئے۔ اب امام حسینؓ کے پاس چند گنے چنے رفقاء کے اور کوئی نہ رہا تھا وہ سب جانتے تھے ہم سب کا ایک ہی انجام ہے یعنی یقینی موت۔۔

کربلا کے مسافروں نے جان لیا تھا اب کچھ نہیں ہو سکتا اس کا مطلب ہے ہم امام حسینؓ کی جان بچا سکتے ہیں نہ اپنی جان ، اس لئے ہر شخص کی خواہش تھی کہ میں امام حسینؓ پر قربان ہو جاؤں تو میرے لئے نجات کا سبب بن جائے گا امام حسینؓ کے ساتھی نہایت شجاعت و بہادری کے ساتھ ریاستی جبر کا مقابلہ کر رہے تھے وہ اپنا انجام جانتے تھے لیکن کسی طور پیچھے ہٹنے کے لئے ایک لمحہ کے لئے تیار نہ تھے۔ اتنے میں امام حسینؓ کے بڑے صاحبزادے علیؓ اکبر آگے بڑھے تو امام حسین کے ساتھیوں میں ایک نیا جوش نیا ولولہ پیدا ہو گیا حضرت علیؓ اکبر شعر پڑھتے ہوئے دشمن کی طرف بڑھے جس کا ترجمہ ہے ''میں حسین بن علیؓ کا بیٹا ہوں، رب کعبہ کی قسم! ہم اللہ کے رسول ﷺ کے بہت قریب ہیں۔ لشکر یزید کے کئی سپاہی تلواریں سونتے ان کی طرف لپکے یکایک مرہ بن منقذ نہ جانے کہاں سے نمودار ہوا اس بدبخت نے علیؓ اکبر کو نیزہ مار کر زمین پر گرا دیا انہوں نے اٹھنے کی کوشش کی لیکن پھر کچھ اور بدبخت سپاہیوں نے انہیں اپنے نرغے میں لے لیا انہوں نے لاش مبارک کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے اور فاتحانہ انداز میں تلواریں لہراتے ہوئے لشکر میں گم ہو گئے۔ جگر گوشہ ٔ امام حسینؓ اپنے صاحبزادے کی کٹی پھٹی میت کے قریب تشریف لائے دو زانوں ہو کر اس کے چہرے پر پیار سے ہاتھ پھیرنے لگے پھر آپ کے ہونٹوں سے نکلا ''اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو برباد کرے جس نے تجھ کو قتل کیا، یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے معاملے میں کیسے بے وقوف ہیں''

امام حسینؓ کے دو ساتھیوں نے چادر بچھا کر حضرت علیؓ اکبر کا لاشہ اس میں سمیٹا اور اٹھا کر خیمہ سادات میں لے آئے جگر گوشہ نواسہ رسول کی حالت دیکھ کر بچوں اور خواتین کی چیخیں نکل گئیں ماحول پر آہیں اور سسکیاں غالب آ گئیں تھیں جنگ جاری تھی،حق و باطل کے درمیان معرکہ بپا تھا دونوں جانب مسلمان ایک دوسرے پر بڑھ چڑھ کر حملہ آور تھے،فرات کے کنارے خونی کھیل اب تلک درجنوں افراد کو خاک و خون میں نہلا چکا تھا امامؓ عالی مقام کے جانثار ساتھی شجاعت کی نئی تاریخ رقم کر رہے تھے ہزاروں سپاہیوں پر مشتمل یزیدی لشکر اندر سے خوفزدہ تھا زخمیوں کی کراہوں اور رزمی نعروں سے میدان جنگ پر ہیبت طاری تھی کہ اسی دوران عمرو بن سعد نے امام حسین پر حملہ کرنا چاہا لیکن حضرت حسنؓ کے بیٹے قاسمؓ بن حسن آڑے آ گئے بدبخت نے غصہ میں آ کر ان کے سر پر تلوار دے ماری جس سے وہ زمین پر گر پڑے اور قاسمؓ بن حسن کے منہ سے بے ساختہ نکلا ''ہائے حسینؓ'' ان کے آخری الفاظ سن کر امام حسین نے تیزی سے لپک کر ان کو سنبھالا اور عمرو بن سعد پر تلوار سے جوابی وار کیا جس سے کہنی سے اس کا ہاتھ کٹ گیا وہ تکلیف کی شدت سے چیختے چلاتے لگا اور بھاگ کھڑا ہوا۔ امام حسینؓ نے بھتیجے کی لاش اپنے کندھے پر اٹھا کر دیگر شہیدوں کی لاشوں کے قریب لا کر رکھ دی شہداء کی تعداد مسلسل بڑھ رہی تھی درجنوں جانثار امام حسین پر قربان ہو گئے تھے خیمہ سادات سے سسکیوں کی آواز صاف سنائی دے رہی تھی لیکن جنگ ابھی جاری تھی ایک ایک کر کے کربلا کے مسافر شہید ہوتے چلے گئے ۔امام حسینؓ تقریباً تن تنہا رہ گئے کوئی مددگار باقی نہ رہا حضرت زین العابدینؒ بیماری کے باعث خیمے تک محدود تھے یزیدی تلواریں اور نیزے اٹھا کر نعرے لگانے لگے اب کربلا کے میدان میں امام حسینؓ تنہا تھے ان کا لباس جگہ جگہ سے پھٹ چکا تھا چہرہ غبار سے اٹ گیا جسم پر زخموں کے کئی گھاؤ صاف دکھائے دے رہے تھے اس کے باوجود ان کا عزم جواں اور سربلند تھا یہی ان کی شخصیت کا خاصا تھا آپ کے چاروں جانب دشمن ہی دشمن تھے، خون کے پیاسے لیکن اس کے باوجود کسی کو ان کی طرف بڑھنے کی کسی کو ہمت نہیں ہو رہی تھی۔ کافی دیر تک دشمنوں میں یہی کش مکش رہی کہ حملہ کون کرے جو بھی یزیدی سپاہی آپ کی طرف بڑھتا فوراً خوفزدہ ہو کر واپس لوٹ جاتا پھر اچانک قبیلہ کندہ کا ایک شقی القلب شخص مالک بن نسیر گھوڑا دوڑاتے ہوئے آگے بڑھا اور اس نے امام حسینؓ کے سر مبارک پر حملہ کر دیا جس سے آپ شدید زخمی ہو گئے اسی حالت میں امام حسینؓ بڑی مشکل سے اٹھے انہوں نے دیکھا چھوٹا صاحبزادہ قریب ہے انہوں نے اشارے سے عبداللہؓ بن حسین کو اپنے پاس بلایا

یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے ، یہ بڑے نصیب کی بات ہے

الیاس محمد حسین

یہ کہانی اس شخص کی ہے جس نے مسجد الحرام اور مسجد نبوی شریف کا ڈیزائن کیا تھا ماشاء اللہ یہ کیسی سعادت اور اعزاز ہے کہ دنیا میں صرف اور صرف ایک عاشق رسول ﷺ کے حصہ میں ہی آیا ہے اس مقدر پر جتنا بھی ناز کیا جائے کم ہے وہ ایک مصری انجینئر اور آرکیٹیکٹ تھا جس نے ظاہری دنیاوی بود و باش سے دور اور نامعلوم رہنے کو ترجیح دی اس کا نام ڈاکٹر محمد کمال اسماعیل (1908 - 2008) ہے وہ مصر کی تاریخ کا سب سے کم عمر شخص تھا جس نے ہائی سکول سرٹیفکیٹ حاصل کیا پھر رائل سکول آف انجینئرنگ کا سب سے کم عمر طالب علم جس نے وہاں سے گریجویٹ ڈگری لی پھر سب سے کم عمر جس کو یورپ سے اسلامک آرکیٹیکچر میں ڈاکٹریٹ کی تین ڈگریاں لینے کے لئے بھیجا گیا۔اس کے علاوہ وہ سب سے کم عمر نوجوان تھا جس نے بادشاہ سے ،، نائل ،، سکارف اور ،، آئرن ،، کا خطاب حاصل کیا وہ پہلا انجینئر تھا جس نے حرمین شریفین کے توسیعی منصوبے کی تعمیر اور عمل درآمد کے لئے اختیارات سنبھالے اس نے شاہ فہد اور بن لادن کمپنی کے بار بار اصرار کے باوجود انجینئرنگ ڈیزائن اور آرکیٹچرل نگرانی کیلئے کسی قسم کا معاوضہ لینے سے انکار کر دیا اور کہا کہ میں دو مقدس مساجد کے کاموں کیلئے کیوں معاوضہ لوں اور قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کا کیسے سامنا کروں گا۔ اس نے 44 سال کی عمر میں شادی کی اور اس کی بیوی نے بیٹا جنم دیا اور زچگی کے بعد فوت ہو گئی پھر اس نے دوسری شادی نہیں کی اس کے بعد وہ مرتے دم تک عبادت الٰہی میں مصروف رہا اس کی عمر 100 سال سے زیادہ تھی اور دنیا اور میڈیا کی چکا چوند سے ہٹ کر گمنام رہ کر زندگی کی آخری سانسوں تک حرمین شریفین کی خدمت کرتا رہا اس عظیم آدمی کی حرمین شریفین میں نصب کئے گئے سفید پتھر کے حصول کی بھی بڑی دلچسپ کہانی ہے یہ وہ پتھر ہے جو حرم مکی میں مطاف چھت اور باہر صحن میں لگا ہے اس کی خصوصیت یہ ہے کہ گرمی کو جذب کر کے فرش کی سطح کو ٹھنڈا رکھتا ہے یہ پتھر ایک ملک گریس میں ایک چھوٹے سے پہاڑ میں دستیاب تھا. یہ سفر کر کے گریس گئے اور حرم کیلئے کافی مقدار میں تقریباً آدھا پہاڑ خریدنے کا معائدہ کر لیا

ڈاکٹر محمد کمال اسماعیل کو جب بادشاہ نے مسجد نبوی میں ویسا ہی ماربل لگانے کو کہا تو وہ بہت پریشان ہوا کیونکہ کرہ ارض پر واحد جگہ گریس ہی تھی جہاں یہ پتھر دستیاب تھا جو کہ آدھا پہاڑ تو وہ پہلے ہی خرید چکے تھے انجینئر ڈاکٹر محمد کمال اسماعیل خود بتاتے ہیں کہ وہ گریس میں اسی کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کے پاس گئے اسے ملے اور ماربل کی بقایا مقدار جو بچ گئی تھی اس کے بارے میں پوچھا تو چیف ایگزیکٹو نے بتایا وہ ماربل تو ہم نے آپ کے جانے کے بعد بیچ دیا تھا اب تو 15 سال ہو گئے ہیں کمال بہت افسردہ ہوا اور دل برداشتہ ہو کر میٹنگ چھوڑ کر جانے لگا تو آفس سیکرٹری سے ملا اور گزارش کی کہ مجھے اس شخص کا اتہ پتہ بتاؤ جس نے بقیہ تمام ماربل کی مقدار خریدی تو اس نے کہا پرانا ریکارڈ تلاش کرنا بہت مشکل ہے لیکن آپ مجھے اپنا فون نمبر دے جائیں میں تلاش کرنے کی کوشش کرتی ہوں اس نے اپنا نمبر اور ہوٹل کا پتہ دیا اور اگلے دن آنے کا وعدہ کر کے چلے گئے۔ دفتر چھوڑنے سے پہلے ڈاکٹر محمد کمال اسماعیل نے سوچا کہ مجھے کیا ضرورت ہے کہ کس نے خریدا اللہ خود ہی کوئی بندوبست کر دے گا اگلے دن ائیرپورٹ جانے سے چ

انٹرنیشنل



برلن: جرمن حکومت کی کابینہ کے ہفتہ وار اجلاس ہو رہا ہے

برطانیہ اور یورپ شدید گرمی کی لپیٹ میں، سال کا گرم ترین دن قرار

لندن (این این آئی) برطانیہ اور یورپ شدید گرمی کی لپیٹ میں رہا۔ برطانیہ کے مختلف شہروں میں درجہ حرارت تقریبا 34 ڈگری ہونے پر سال کا گرم ترین دن قرار دے دیا گیا۔ پرتگال میں درجہ حرارت 46 درجے کو چھو گیا، پیرس میں درجہ حرارت 40 درجے ریکارڈ کیا گیا۔ آکفل ٹاور کو گرمی کی شدت کے باعث اگلے دو دن کے لیے بند کر دیا گیا۔ اسکول پہلے ہی بند ہیں۔ اٹلی میں شدید گرمی کے باعث حکام آوٹ ڈور ورک پر پابندی لگانے پر غور کر رہے ہیں۔ برسلز کے کئی علاقوں میں درجہ حرارت 40 ڈگری تک پہنچ گیا۔



اسکاٹ لینڈ: کرک کالڈی وار میموریل کی صد سالہ تقریب کے موقع پر کنگ چارلس III اور ملکہ کیملا کی جانب سے ایک یادگاری کیرن کی نقاب کشائی کرنے سے پہلے ایک پریڈ ہو رہی ہے

اقوام متحدہ ایلچی عدن پہنچ گئے، یمن میں سیاسی جمود ختم کرنے پر زور

میں یمنی فریقوں کے ساتھ سنجیدہ اور گہرے مذاکرات کا منتظر ہوں، بیان

عدن (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کے خصوصی ایلچی برائے یمن، ہانس گروندبرگ جنوبی شہر عدن پہنچ گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عدن کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر پہنچنے کے بعد دیے گئے اپنے بیان میں اقوام متحدہ کے ایلچی نے ملک میں جاری سیاسی جمود کو ختم کرنے کے لیے جرات مندانہ اور فیصلہ کن اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ وقت تمام فریقوں سے سنجیدہ عملی اقدامات کا تقاضا کرتا ہے تاکہ سیاسی عمل کو بچایا جا سکے اور اسے ایک جامع حل کی طرف لے جایا جا سکے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری ایک ویڈیو پیغام میں گروندبرگ نے کہا اگرچہ علاقائی کشیدگی اور چیلنجوں کے باوجود یمن میں نسبتا سکون ہے، مگر یہ ایک قیمتی موقع ہے جسے سیاسی عمل کو تقویت دینے اور اقتصادی و سیکیورٹی مسائل کو فوری حل کرنے کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے۔ انھوں نے مزید کہا میں یمنی فریقوں کے ساتھ سنجیدہ اور گہرے مذاکرات کا منتظر ہوں، کیونکہ حالات مزید تاخیر کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ ہمیں فوری اور مؤثر فیصلوں کی اشد ضرورت ہے جو یمنی عوام کے لیے ایک محفوظ اور پرامن مستقبل کی امید کو بحال کریں۔ گروندبرگ نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ مرحلے کی پیچیدگیوں کے پیش نظر، مقامی اور بین الاقوامی سطح پر کوششوں کو دوگنا کرنا ناگزیر ہے تاکہ پائے دار حل تک پہنچا جا سکے۔

سلامتی کونسل کی صدارت، تنازعات کا پرامن حل اور علاقائی شراکت داری پاکستان کی ترجیح

کوشش ہوگی ہم تنازعات کے حل کے موجودہ نظام، سلامتی کونسل کے فیصلوں پر عمل میں رکاوٹوں کا جائزہ لیں، پاکستانی مندوب

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے جولائی 2025 کے لیے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت سنبھال لی ہے اور اس سلسلے میں پاکستان کی مکل توجہ اب کثیرالجہتی تعاون، تنازعات کے پرامن حل اور علاقائی شراکت داری پر مرکوز ہے۔ میڈیا رپورٹس کے طابق اقوام متحدہ کے نامہ نگاروں کی تنظیم (یو این سی اے) سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کو پریس بریفنگ دیتے ہوئے سلامتی کونسل کے صدر اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندے، سفیر عاصم افتخار احمد نے بتایا کہ یہ پاکستان کا سلامتی کونسل میں آٹھواں دور ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم صدارت کی ذمے داری ایک گہرے احساسِ فرض اور پختہ عزم کے ساتھ سنبھال رہے ہیں۔ ہماری حکمتِ عملی اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد و اصولوں، تنازعات کے پرامن حل، ریاستی خودمختاری، بین الاقوامی قانون کے احترام اور کثیرالجہتی تعاون پر مبنی ہے۔ انہوں نے صحافیوں کو بتایا کہ جولائی کے لیے سلامتی کونسل کی جانب سے منظور کردہ پروگرام آف ورک میں متعدد لازمی بریفنگز اور کھلی بحثیں شامل ہیں جو مختلف علاقائی اور موضوعاتی امور کا احاطہ کریں گی۔ خصوصی تقریبات کا ذکر کرتے ہوئے سفیر عاصم نے بتایا کہ پاکستان صدارت کے دوران 2 نمایاں اجلاس منعقد کرے گا۔ ان میں پہلا اعلی سطح کا کھلا مباحثہ ہوگا جس کا موضوع ہوگا: کثیرالجہتی تعاون اور تنازعات کے پرامن حل کے ذریعے بین الاقوامی امن و سلامتی کا فروغ۔ یہ اجلاس 22 جولائی کو ہوگا جس کی صدارت پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کی جانب سے کونسل کو بریفنگ متوقع ہے، انہوں نے اس اجلاس کی اہمیت واضح کرتے ہوئے کہا کہ آج کے بحران اکثر حل طلب تنازعات، بین الاقوامی ذمہ داریوں کی خلاف ورزی اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے باب ششم میں درج پرامن ذرائع کے غیر مؤثر استعمال کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ ہم تنازعات کے حل کے موجودہ نظام کی مؤثریت پر غور کریں، سلامتی کونسل کے فیصلوں پر عملدرآمد میں حائل رکاوٹوں کا جائزہ لیں، سفارت کاری، ثالثی اور تکنیکی معاونت کے فروغ کے طریقے تلاش کریں اور پیکٹ فار دی فیوچر میں کیے گئے وعدوں کو دہراتے ہوئے پیشگی سفارت کاری اور پرامن تنازعاتی حل کے عزم کو مضبوط کریں۔ سفیر پاکستان کا مزید کہنا تھا کہ دوسرا نمایاں اجلاس اقوام متحدہ اور علاقائی و ذیلی علاقائی تنظیموں کے درمیان تعاون، اسلامی تعاون تنظیم پر ہوگا، جو 24 جولائی کو منعقد کیا جائے گا۔ اس اجلاس کی صدارت بھی نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اجلاس اقوام متحدہ کی او آئی سی کے ساتھ شراکت کو اجاگر کرے گا، جو چار براعظموں میں پھیلے 57 رکن ممالک کی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ او آئی سی نے حالیہ برسوں میں تنازعات کی روک تھام اور ثالثی، انسانی امداد و بحالی، بین المذاہب مکالمہ اور انتہا پسندی کے خلاف اقدامات میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ یہ اجلاس یو این او آئی سی تعلقات کو ادارہ جاتی بنیادوں پر مزید مستحکم کرنے اور مشرق وسطی، شمالی افریقہ، ساحل اور دیگر علاقوں میں امن عمل کی حمایت پر روشنی ڈالے گا۔ سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ پاکستان سلامتی کونسل کے سہ ماہی کھلے مباحثے کی صدارت بھی کرے گا، جس کا موضوع ہوگا: مشرق وسطی کی صورتحال، بشمول مسئلہ فلسطین۔ انہوں نے کہا کہ یہ اجلاس وزارتی سطح پر منعقد ہوگا

جنگ کے بعد ایران کے لیے زیادہ امدادی بجٹ کی ضرورت ہوگی، اقوام متحدہ

امید ہے کہ بین الاقوامی برادری ایران کے لیے زیادہ فنڈز کے ساتھ آگے آئے گی، سینئر عہدیدار

جنیوا (این این آئی) اقوام متحدہ کے ایک بہت سینئر عہدیدار نے کہا ہے کہ انسانی بنیادوں پر امدادی کام کرنے والے اور ترقیاتی امور کر دیکھنے والے اداروں کو جنگ زدہ ایران کے لیے جنگ کے بعد زیادہ بجٹ سے امداد کرنا ہوگی اور یہ بجٹ کا تخمینہ دوگنا بھی ہو سکتا ہے۔ ایران میں اقوام متحدہ کے کوآرڈینیٹر سٹیفن پریزنر نے کہا کہ انہیں امید ہے کہ بین الاقوامی برادری ایران کے لیے زیادہ فنڈز کے ساتھ آگے آئے گی۔ تاکہ جنگ کے بعد کے مسائل سے نمٹا جا سکے۔ جنیوا میں ایک پریس بریفنگ کے دوران سٹیفن پریزنر کا کہنا تھا کہ ہم رواں سال میں ایران کے لیے بجٹ سازی کر رہے ہیں۔ تاہم اس میں نمایاں اضافے کی ضرورت ہوگی۔ تاہم ابھی یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ ایران کو متعین صورت میں کتنی رقم درکار ہوگی۔ البتہ یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ ممکنہ طور پر یہ رقم پہلے ملنے والی رقم کے مقابلے میں دوگنا ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا ایران کے لیے اقوام متحدہ کا پچھلے سال کا بجٹ 75 ملین ڈالر تھا۔ جس میں سے اندازا 50 ملین ڈالر پناہ گزینوں کے لیے تھا۔ جبکہ 25 ملین ڈالر ترقیاتی مقاصد اور پروگراموں کے لیے تھا۔ کہ ممکنہ طور پر یہ رقم پہلے ملنے والی رقم کے مقابلے میں دوگنا ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا ایران کے لیے ترقیاتی امور اور پروگراموں کے لیے اقوام متحدہ کا پچھلے سال کا بجٹ 75 ملین ڈالر تھا۔ جس میں سے اندازا 50 ملین ڈالر پناہ گزینوں کے لیے تھا۔ جبکہ 25 ملین ڈالر ترقیاتی مقاصد اور پروگراموں کے لیے تھا۔ امید ہے کہ بین الاقوامی برادری ایران کے لیے زیادہ فنڈز کے ساتھ آگے آئے گی، سینئر عہدیدار



واشنگٹن، ڈی سی میں یو ایس کیپیٹل میں ایک نیوز کانفرنس کے دوران خطاب کر رہے ہیں

اوساکا ایکسپو، سعودی عرب پویلین کا ثقافتی تبادلے کے پروگرام کا آغاز

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ایکسپو آفس نے اعلان کیا ہے کہ سعودی عرب پویلین نے اوساکا۔ کانسائی ایکسپو میں عملے کے لیے منفرد کیریئر اور ذاتی ترقی کے مواقع فراہم کرنے کی غرض سے ثقافتی تبادلے کا پروگرام شروع کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس کا مقصد مملکت کے ثقافتی ورثے اور عالمی اثرات کے اظہار کے لیے نئی راہیں کھولنا ہے۔ سی ای پی پلیسمنٹ کے پہلے مرحلے میں سعودی عرب پویلین ٹیم کے 13 سٹاف ممبران کو پانچ بین الاقوامی پویلینز میں ذمہ داری تفویض کرنا شامل ہے



لندن، برطانیہ میں گلڈ ہال میں 'دی افریقہ ڈیبیٹ' کے دوران PlcOando کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ویل ٹبو گفتگو کر رہے ہیں

بھارت کی میزبانی میں ایشیا کپ نیوٹرل وینیو پر کھیلا جائیگا، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (این این آئی) رواں سال ایشیا کپ میں پاک بھارت ٹاکرا کم از کم 2 بار ہونے کا امکان ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایشیا کپ 4 یا 5 ستمبر سے شروع ہو سکتا ہے، اس صورت میں گروپ مرحلے کا پاک بھارت ٹاکرا 7 ستمبر کو دبئی میں ہوگا جبکہ سپر فور کا میچ 14 ستمبر کو ہونے کا امکان ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارت کی میزبانی میں ہونے والا ایشیا کپ نیوٹرل وینیو پر کھیلا جائے گا جس کے لیے متحدہ عرب امارات کو وینیو کے طور پر رکھے جانے کا امکان ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں کھیلا جائے گا جس کا فائنل 21 ستمبر کو کھیلا جائے گا۔ واضح رہے کہ ایشیا کپ پاکستان، بھارت، افغانستان، بنگلادیش، سری لنکا اور یو اے ای کی ٹیمیں کھیلیں گی۔



لاہور بنسٹر پارک اسپورٹس کمپلیکس کے پنجاب اسٹیڈیم میں اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام کرکٹ کے سمر کیمپ میں کوچ بچوں کو تربیت دے رہے ہیں



میلبورن، آسٹریلیا-02 جولائی McNeilJye سواری کرتے ہوئے

شارجہ میں میانداد کے چھکے نے عامر خان کی شادی کیسے خراب کی؟

ملاقات پر کہا کہ 'جاوید بھائی، آپ نے ٹھیک نہیں کیا! آپ نے میری شادی برباد کر دی' عامر خان کی یادیں

نئی دہلی (این این آئی) بالی وڈ کے سپر اسٹار عامر خان نے حال ہی میں انکشاف کیا ہے کہ پاکستان کے سابق لیجنڈری بیٹر جاوید میانداد کے شارجہ میں بھارت کے خلاف لگائے گئے تاریخی چھکے نے ان کی شادی خراب کر دی تھی۔ مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان نے بھارتی ڈبجیٹل پلیٹ فارم کو انٹرویو دیتے ہوئے اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کے بارے میں کھل کر بات کی۔ جس میں انہوں نے خاص طور پر اپنی پہلی شادی سے متعلق تفصیل سے گفتگو کی۔ عامر خان نے بتایا کہ سن 1986 میں انہوں نے 21 سال کی عمر میں گھر والوں کو بتائے بغیر ریناداتا سے کورٹ میرج کی۔ ہم نے فیصلہ کیا کہ یہ شادی صرف کاغذی ہوگی اور اس بارے میں ہم کسی کو نہیں بتائیں گے اور کچھ سالوں بعد اصل میں شادی کریں گے۔ انہوں نے تفصیل بتائی کہ رینا اور میں نے چھپ کر شادی کرنے کا فیصلہ کیا اور 15 مارچ 1986 کو میں نے شادی کا لیگل نوٹس دیا جو 15 یا 16 اپریل کو میچور ہوا، پھر شاید ہفتہ اتوار آ گیا اس لیے 18 اپریل کو ہماری شادی ہوئی۔ عامر خان نے کہا کہ مجھے یاد ہے، یہ وہی دن تھا جب شارجہ میں پاکستانی کرکٹر جاوید میانداد نے بھارت کے خلاف آخری گیند پر چھکا مارا تھا۔ بالکل اسی دن، ہماری شادی ہوئی۔ مسٹر پرفیکشنسٹ نے بتایا کہ ہوا یوں کہ کورٹ میرج کے بعد میں اور رینا اپنے، اپنے گھر چلے گئے، ہم دونوں پریشان تھے کہ گھر والے پوچھیں گے کہاں گئے تھے اور ہم کیا جواب دیں گے، لیکن کسی نے کچھ نہیں پوچھا کیوں کہ دونوں کے گھر والے پاک بھارت میچ دیکھنے میں لگے ہوئے تھے۔ عامر خان نے بتایا کہ شادی کرنے کے بعد میں گھر آیا، کسی نے دھیان بھی نہیں دیا کہ میں آیا ہوں، میں بھی جا کر میچ دیکھنے بیٹھ گیا، اور ویسے بھی ہم وہ میچ جیت رہے تھے، تو مجھے بڑی خوشی ہو رہی تھی، شادی کا دن ہے اور ہم میچ بھی جیت رہے ہیں، میں نے سوچا کہ آج ہم پاکستان کو بھی ہرا دیں تو مزا آ جائے گا۔

پاک بھارت ہاکی مقابلے، کرکٹ کی طرح ہائبرڈ ماڈل کے حق میں آوازیں بلند

اگر دونوں ٹیمیں ایک دوسرے کے ملک میں کھیلنے کیلیے تیار نہ ہوں تو نیوٹرل وینیو پر میچز منعقد کیے جائیں، ہیڈ کوچ کی تجویز

لاہور (این این آئی) پاک بھارت ہاکی مقابلوں میں بھی کرکٹ کی طرح ہائبرڈ ماڈل کے حق میں آوازیں بلند ہونے لگیں، چیف کوچ طاہر زمان نے تجویز دی کہ اگر دونوں روایتی حریف ٹیمیں ایک دوسرے کے ملک میں کھیلنے کے لیے تیار نہ ہوں تو نیوٹرل وینیو پر میچز منعقد کیے جائیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور بھارتی کرکٹ بورڈ میں رواں برس ایک معاہدہ ہوا جس کے تحت دونوں ٹیمیں اپنے ممالک میں شیڈول عالمی ایونٹس کے میچز کسی تیسرے وینیو پر کھیلیں گی، اب ہاکی میں بھی ایسے ہی کنٹریکٹ کیلیے آوازیں بلند ہونے لگی ہیں۔ پاکستانی ٹیم کے چیف کوچ طاہر زمان نے اس حوالے سے کہا کہ پاکستان ٹیم کو بھارت میں شیڈول ہاکی ایشیا کپ میں حصہ لینا ہے مگر وہاں حکومتی منظوری نہ ملنے کے باعث معاملات تعطل کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں قوانین کو بخوبی جانتا ہوں، ان کی روشنی میں یہ فیصلے پاکستان یا بھارت کی مرضی سے نہیں بلکہ ایف آئی ایچ یا ایشین ہاکی فیڈریشن قواعد وضوابط کے مطابق ہوتے ہیں، ہماری تیاری بھرپور ہے، سرحد پار جانے کا حتمی فیصلہ حکومت کی ہدایات کے مطابق کیا جائے گا، اس مسئلے کا مستقل حل کرکٹ کی طرح ہائبرڈ ماڈل اپنانا ہے، عالمی ایونٹس میں دونوں ٹیموں کو اگر ایک دوسرے کے ملک جانے میں مسئلہ ہے تو نیوٹرل وینیو پر کھیلیں۔ چیف کوچ نے کہا کہ ایف آئی ایچ نیشنز کپ کے فائنل تک ٹیم کی رسائی بڑی کامیابی ہے، اس نے نہ صرف کھلاڑیوں کے حوصلے بلند کیے بلکہ شائقین کو ایک بار پھر ہاکی سے جوڑ دیا، فائنل کے آغاز ہی میں 2 گول ہونے سے ٹیم پر دباؤ بڑھ گیا، اس کا اثر کھلاڑیوں کی باڈی لینگویج میں بھی واضح طور پر دکھائی دیا، مقابلے کے دوران ٹیم میں وہ توانائی اور جذبہ نظر نہیں آیا جو ایسے مرحلے کے لیے درکار ہوتا ہے، یہ میچ ہمارے لیے ایک سبق ہے، ہم نے اس سے سیکھا کہ ایسے مواقع پر ذہنی طور پر زیادہ تیار اور پختہ ہونا ضروری ہے۔ مالی حالات اور ڈیلی الاؤنسز کی عدم فراہمی جیسے سوال پر ہیڈ کوچ نے کہا اگرچہ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ کھلاڑیوں کو مکمل مالی سپورٹ حاصل نہیں، مگر اس کے باوجود وہ غیر معمولی جذبے کے ساتھ ہاکی کھیل رہے ہیں، جب تک ہم پلیئرز کو وہ سہولیات فراہم نہیں کرتے جن کے وہ مستحق ہیں ہم ان سے مستقل عالمی معیار کی کارکردگی کی توقع نہیں رکھ سکتے۔ ہیڈ کوچ نے کہا کہ ٹیم نے اپنی کارکردگی سے حکام کی توجہ حاصل کر لی اور اب ان مسائل کو حل کرنے کا وقت ہے

دورہ بنگلادیش سے قبل قومی ٹیم فٹنس مسائل کا شکار

لاہور (این این آئی) دورہ بنگلادیش سے قبل قومی ٹیم کو فٹنس مسائل نے گھیر لیا۔ نائب کپتان شاداب خان، فاسٹ بولرز نسیم شاہ اور وسیم جونیئر مکمل فٹ نہیں ہیں۔ ذرائع کے مطابق قومی ٹیم میں لاہور قلندرز کے بائیں ہاتھ کے تیز بولر سلمان مرزا اور لیفٹ آرم اسپنر سفیان مقیم کی شمولیت کا امکان ہے۔ دورہ بنگلادیش کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کا کیمپ 8 جولائی سے نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں لگے گا۔ قومی ٹیم 16 جولائی کو بنگلادیش روانہ ہوگی، دونوں ٹیموں کے درمیان 3 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز 20 جولائی سے شروع ہوگی۔

ارجنٹائن میں فٹبال کلب کے شائقین کے فلسطین کے حق میں نعرے، اسرائیل کا علامتی جنازہ نکال دیا

میچ کے دوران ڈرون کے ذریعے فلسطین کا پرچم بھی لہرایا گیا' آل بوائز کے شائقین اسرائیل کے خلاف نعرے لگائے

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹائن کے دارالحکومت بیونس آئرس میں نیشنل بی فرسٹ ڈویژن کے میچ سے قبل آل بوائز کے شائقین نے دوسرے کلب اٹلانٹا کے خلاف میچ سے قبل فری فلسطین کے نعرے لگائے، فلسطین اور ایران کے جھنڈے تھامے نظر آئے اور اسی دوران اسرائیل کا علامتی جنازہ بھی نکالا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ارجنٹینا فٹ بال ایسوسی ایشن (اے ایف اے) نے آل بوائز کے شائقین کے اس اقدام کی مذمت بھی کی ہے اور کہا گیا ہے کہ اس کی تحقیقات بھی کردی۔ ارجنٹائن کے کلب کے شائقین کے منفرد احتجاج کے حوالے سے سوشل میڈیا پر ویڈیو بھی وائرل ہوئیں، جس میں متعدد لوگوں کو فٹ بال کلب اٹلانٹا اور اسرائیلی پرچم میں لپٹا تابوت اٹھائے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ رپورٹس میں بتایا گیا کہ فٹ بال کلب اٹلانٹا ارجنٹائن میں ایسے علاقے میں واقع ہے جہاں یہودی آبادی کی اکثریت ہے اور اسی لیے آل بوائز کے شائقین نے بظاہر انہیں اسرائیل کے حامی قرار دیا اور اسرائیل کے خلاف نعرے بازی کی۔ میچ کے دوران ڈرون کے ذریعے فلسطین کا پرچم بھی میدان کے اوپر لہرایا گیا اور اسی دوران آل بوائز کے شائقین اسرائیل کے خلاف نعرے بازی کی، اسی طرح پفلٹس بھی تقسیم کیے گئے، جن میں درج تھا اسرائیل خاک ہو اور ایک بینر بھی آویزاں کیا گیا تھا اور اس میں نسل کشی کی ذمہ دار ریاست اسرائیل مردہ باد لکھا گیا تھا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان میچ بغیر کسی گول کے برابری پر ختم ہوا۔ بعد ازاں ارجنٹائن کی سیکیورٹی کی وزارت نے بیان میں کہا کہ توڑ پھوڑ اور نفرت انگیزی کے الزام میں شکایت درج کرادی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ارجنٹینا میں یہودی کمیونٹی ایک اندازے کے مطابق 3 لاکھ افراد پر مشتمل ہے

بلاوائیو ٹیسٹ' جنوبی افریقا نے زمبابوے کو 328 رنز سے ہرا دیا

بلاوائیو (این این آئی) پہلے ٹیسٹ میں جنوبی افریقا نے زمبابوے کو 328 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے دی۔ بلاوائیو میں 28 جون سے شروع میچ کے چوتھے روز زمبابوے کی ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 208 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ جنوبی افریقا نے زمبابوے کو جیت کیلئے 537 رنز کا ہدف دیا تھا۔ جنوبی افریقا نے اپنی پہلی اننگز 418/9 پر ڈکلیئر کی تھی جبکہ دوسری اننگز میں افریقی ٹیم 369 رنز پر آو?ٹ ہوگئی تھی، زمبابوے کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 251 اور دوسری اننگز میں 208 رنز بنا سکی۔ پہلی اننگز میں 153 رنز بنانے والے جنوبی افریقا کے لوہان ڈری پریٹوریس کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

لاہور: نسٹر پارک اسپورٹس کمپلیکس کے جمنازیم ہال میں اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام بیڈمنٹن کے سمر کیمپ میں کوچ بچے کو تربیت دے رہے ہیں



زیورخ، سوئٹزرلینڈ میں تربیتی سیشن کے دوران دیکھ رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پرائس کنٹرول سلمی بٹ کا ساہیوال میں عاشورہ جلوس کا دورہ

ممبر پنجاب اسمبلی ملک قاسم ندیم، ڈپٹی کمشنر شاہد محمود اور ڈی پی او رانا طاہر الرحمن ہمراہ تھے



ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پرائس کنٹرول سلمی بٹ کا ساہیوال میں عاشورہ جلوس کا دورہ، ممبر پنجاب اسمبلی ملک قاسم ندیم، ڈپٹی کمشنر شاہد محمود اور ڈی پی او رانا طاہر الرحمن ہمراہ تھے۔ معاون خصوصی سلمی بٹ نے جلوس روٹس پر حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا۔ میونسپل کارپوریشن اور انتظامی ٹیمیں جلوسوں کے ہمراہ موجود تھیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سلمی بٹ نے کہا کہ شہر میں قائم کنٹرول سنٹر سے جلوسوں کی سی سی ٹی وی لائیو مانیٹرنگ خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی محرم انتظامات کے حوالے سے ہدایات کو یقینی بنایا گیا ہے۔ جلوسوں کے روٹس کی تمام ضروریات کو یقینی بنایا گیا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ انتظامیہ جلوسوں کے اوقات کی پابندی ہر صورت یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ جلوسوں کے ممکنہ گین ولا کنس ہولڈرز نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا کہ عزاداروں کی حفاظت کے لئے پوری انتظامیہ فیلڈ میں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جلوسوں کے راستوں کی مسلسل مانیٹرنگ جاری ہے۔

آج کا مسلمان امام حسین کے افکار سے نا آشنا ہے: سید شبر زیدی

اب بھی وقت ہے ہم حسینی بنیں اور امام حسین علیہ السّلام کے بتائے ہوئے فرامین کو اپنائیں



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) چودہ سو سال کے بعد بھی آج کا مسلمان امام حسین کے افکار سے نا آشنا ہے سید شبر زیدی،، رائیونڈ میں عزاداری امام حسین علیہ السلام کے حوالے سے گراں قدر خدمات انجام دینے والے زیدی خاندان کے نوجوان چشم وچراغ سید شبر زیدی ابن سید عابس زیدی مرحوم مشہور سکالر محمد حسین زیدی مرحوم کے فرزند ہیں جنکی کچھ ہی دیر قبل نماز جنازہ ادا کی گئی کتاب علی کی بیٹی نے دھوم مچادی اور جو شریف حسین زیدی مرحوم کے بھتیجے اور جانشین تھے جنہوں نے سو سال پہلے رائیونڈ میں عزاداری کی پہلی اینٹ لگائی تھی نے دس محرم الحرام کے مرکزی جلوس میں اپنے والد گرامی کے انتقال کے بعد پہلی بار کثیر تعداد میں حسینی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا امام حسین علیہ السّلام ابھی تک کچھ ناعاقبت اندیش لوگوں کی سمجھ میں نہیں آئے واقعہ کربلا امام حسین اور انکے ساتھیوں نے اپنی قربانیوں سے دنیا میں بچل مچادی لیکن اس دور کے یزید اور اسکی اولاد کے دفاع میں ابھی تک یزیدی ٹولہ سرگرم عمل ہے ہر سال بڑھتی ہوئی عزاداری اور اور زبیر زنی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ امام حسین کل بھی زندہ یاد تھے اور آج بھی زندہ یاد ہیں انہوں نے مزید کہا اگر امام عالی مقام اور انکے گھر والے اپنی جانوں کے نذرانے پیش نہ کرتے تو آج مسلم امہ کا نقشہ کچھ اور ہوتا اب بھی وقت ہے ہم حسینی بنیں اور امام حسین علیہ السلام کے بتائے ہوئے فرامین کو اپنائیں۔

51 خصوصی افراد کو الیکٹرک ٹرائی موٹر سائیکل وویل چیئرز دی جارہی ہیں۔شریف گھمن

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیر اعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب بھر میں پہلی مرتبہ خصوصی افراد کو بیٹری آپریٹڈ الیکٹرک ٹرائی موٹر سائیکل اور ویل چیئرز مہیا کئے جا رہے ہیں اور سیالکوٹ ضلع میں 51 خصوصی افراد کو یہ سہولت دی جا رہی ہے جن کے بعد وہ معمولات زندگی کو بہتر انداز میں سرانجام دے سکیں گے۔ یہ بات ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شریف گھمن نے ایک محکمانہ اجلاس میں بتائی۔انہوں نے کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر سیالکوٹ کے زیر انتظام پہلی مرتبہ 26 خصوصی افراد کو الیکٹرک ٹرائی موٹر سائیکل اور 25 خصوصی افراد کو الیکٹرک ویل چیئرز مہیا کئے جائیں گے اور اس کے لئے کوئی کوٹہ مختص نہیں بلکہ سیالکوٹ ضلع میں اتنے ہی خصوصی افراد ملے شدہ طریقہ کار کے مطابق اس سہولت کیلئے اہل پائے تھے۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک ٹرائی موٹر سائیکل اور ویل چیئرز روال ماہ ہی خصوصی افراد کے حوالے کردی جائیں گی۔شریف گھمن نے کہا کہ خصوصی افراد پنجاب حکومت کے آن لائن پورٹل پہ اپنی ضرورت کے مطابق آلات یا سواری کی درخواست دے سکتے ہیں اور اس پہلے وہ ضلعی سطح پر قائم نیڈ اسیسمنٹ کمیٹی کے سامنے پیش ہوتے ہیں جس میں ڈی ایچ کیو ہسپتال کے سینئر ڈاکٹرز انکی جسمانی معذوری کا تعین کر کے سرٹیفکیٹ جاری کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہی کمیٹی تعین کرتی ہے کہ آیا خصوصی افراد اس سہولت کو استعمال کرنے کی اہلیت بھی رکھتے ہیں کہ نہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نے کہا کہ حکومت پنجاب کی طرف سے خصوصی افراد کو ہمت کارڈ بھی فراہم کئے گے ہیں جس سے خصوصی افراد کو تحفظ فراہم ہوا ہے اور وہ پراعتماد ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تمام سہولیات فراہم کرنے کا طریقہ کار انتہائی شفاف ہے اور ان سہولیات کی فراہمی میں بھی خصوصی افراد کی عزت نفس کا خیال رکھا جاتا ہے۔

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے اپنے دفتر میں عوامی مسائل سننے

چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی گڈ گورننس پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے اپنے دفتر میں عوامی مسائل سننے کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری رکھا ہوا ہے اور عوامی مسائل سے آگاہی حاصل کرنے کے بعد ان کے بلا تاخیر حل کے لئے متعلقہ محکموں کے افسران کو فوری نوعیت کے احکامات موقع پر جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے عوامی مسائل کے ازالہ کے لئے افسران کو تاکید کی کہ عوامی مسائل پر مبنی درخواستوں پر تیز رفتار کارروائی یقینی بناتے ہوئے درخواست دہندگان کو کم از کم وقت میں ریلیف فراہم کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ضلعی انتظامیہ کا یہ عزم دہرایا کہ عوامی مسائل کے بروقت ازالہ کی ترجیح کو مقدم رکھا جائے گا

اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کا دیپال پور، حجرہ شاہ مقیم، شیر گڑھ اور بصیر پور کے ماتمی جلوسوں میں انتظامات کا جائزہ،

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کا دیپال پور، حجرہ شاہ مقیم، شیر گڑھ اور بصیر پور کے ماتمی جلوسوں میں انتظامات کا جائزہ، انہوں نے جلوسوں کہ روٹس پر ہیلتھ اور ریسکیو کیمپس، سبیل کیمپس، لنگر سمیت صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر معمور اہلکاروں کو عزاداروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں ہدایات جاری کیں، انہوں نے بصیر پور کے نواحی علاقہ چک گل شاہ میں اے کیٹیگری کے حساس ماتمی جلوس کے پرامن انعقاد پر مسرت کا اظہار کیا اور جلوس کے انتظامات کی چیکنگ کی، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ یوم عاشور ہمیں ظالم کے خلاف ڈٹ جانے کا سبق دیتا ہے، حضرت امام حسین نے اسلام کی سربلندی کے لیے جو عظیم قربانی کی اس کی دنیا میں مثال نہیں ملتی، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ یوم عاشور کے ماتمی جلوسوں کے اختتام تک عزاداروں کو مطلوبہ سہولیات اور سیکیورٹی فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں اور اس سلسلہ میں تمام اہلکار فرائض کی انجام دہی کو یقینی بنائیں۔

چنیوٹ میں یوم عاشورہ کے موقع پر 171 سالہ قدیمی تعزیوں کا جلوس

ملک بھر سے ہزاروں زائرین کی شرکت سیکورٹی کے سخت ترین انتظامات



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ میں یوم عاشورہ کے موقع پر 171 سالہ قدیمی تعزیوں کا جلوس مدد سے تقریبا 50 کے قریب افراد اٹھاتے ہے ان سنہری رنگ والے تعزیوں کی قل سات منزلیں ہوتی ہے جن کی اونچائی 60 فٹ ہے چنیوٹ کے ملک بھر سے ہزاروں زائرین کی شرکت سیکورٹی کے سخت ترین انتظامات تفصیلات کے مطابق چنیوٹ میں دس محرم الحرام یوم عاشورہ کے موقع پر سنہری رنگ کے 8 تعزیوں کا قدیمی جلوس نکالا گیا یہ تعزیے شہر کے مختلف علاقوں محلہ قاضیاں، محلہ قصایاں محلہ عالی، محلہ چڑ ویاں، امام بارگاہ شادی ملنگ محلہ کمانگراں، کٹھی امام بارگاہ سے نکالے گئے جو کہ اپنے مقررہ راستوں سے گزرتے ہوئے ترکھاناں چوک میں جا کر اختتام پذیر ہو گئے یہ تعزیے لکڑی سے تیار کیے گئے ہے جن کو بانسوں کی تعزیے دستکاری کا ایک خوبصورت نمونہ ہے تعزیوں میں نقش کاری مینہ کاری اور شیشہ کاری میں اتنی مہارت دکھائی گئی ہے کہ ان تعزیوں کو دیکھنے والا دنگ رہ جاتا ہے حضرت امام حسین کے روضہ مبارک کی شبیہ کے طور پر سجائے گئے یہ تعزیے دستکاروں کی جادوئی انگلیوں کا کمال ہے جن میں مذہبی عقیدت اور محنت کے رنگ نمایاں نظر آتے ہے یہ تعزیے شیعہ اور سنی مل کر نکالتے ہو جو کہ اخوت اور بھائی چارے کی اعلی مثال ہے

لائن طاہر مجید کپور کی فیضان ایم کپور کے ہمراہ گھوئینکی لائنز کلب پروگرام میں شرکت

مدرسہ میں لائنز کلب کیجانب سے واٹر کولر و شجر کاری مہم کا افتتاح کیا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈی جی لائنز کلب انٹرنیشنل لائن طاہر مجید کپور چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کی گھوئینکی لائنز کلب کی چھت کاری مہم میں خصوصی شرکت۔ اس موقع پر شجر کاری سلسلہ میں پودے لگا کر دعا کی گئی۔ دریں اثناء گھوئینکی لائنز کلب کی جانب سے عاشورہ 10 محرم الحرام کے بابرکت دن کے موقع پر سبیل حسین علیہ السلام و نیاز تقسیم کی گئی اس موقع پر ڈسٹرکٹ گورنر لائن ڈاکٹر محمد عارف مسعود، پاسٹ ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب لائن فیضان مجید کپور سمیت دیگر ڈسٹرکٹ لائنز آفیسرز نے شرکت کی۔ ایوارڈز تقسیم انعامات کی تقریب میں لائن مہر اشتیاق احمد کو ڈسٹرکٹ گورنر لائن ڈاکٹر محمد عارف مسعود نے شیلڈ سے نوازا۔

کربلا شعور، خوداری، جرات، شجاعت، ایثار، قربانی، صبر وانقلاب کا فلسفہ ہے۔اظہر حمید بھٹی

امام حسین نے باطل کے سامنے ڈٹ کر کلمہ توحید کہا اور امر ہو گئے۔طلحہ اظہر بھٹی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کسی بھی معاشرے اور سوسائٹی کی تباہی اس وقت شروع ہوتی ہے جب وہاں ظلم ہو اور لوگ خاموش رہیں واقعہ کربلا میں امام عالی مقام امام حسین رضی اللہ عنہ نے بھی ظلم کے سامنے ڈٹ جانے اور مظلوم کی حمایت میں کھڑے ہونے کا پیغام دیا۔ واقعہ کربلا حق و باطل کا وہ عظیم معرکہ تھا جس سے اسلام کو زندگی ملی۔ دین محمدی کو بچانے میں کنبہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ قربانی دی جو تاریخ اور نسل انسانی کبھی بھلا نہیں سکے گی۔ امت محمدیہ خانوادہ اہل بیت کی مقروض ہے جو کلمہ قرآن و نماز بچا گئے۔ ان باتوں کا اظہار معروف صنعتکار اظہر حمید بھٹی، طلحہ اظہر، بیرسٹر ابوبکر اظہر اور عباد اظہر نے عاشورہ کے موقع پر جاری میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ نواسہ رسول وخانوادے کو ناحق شہید کرنے والے بدبخت یزید کا آج کوئی نام لیوا نہ ہے مگر شہادت کے بلند و بالا مرتبہ پر فائز امام حسین علیہ السلام و انکے 72 شہداء کا ذکر آج بھی اور تاقیامت جاری رہے گا

ملک بھر کی طرح ڈسکہ میں بھی یوم عاشور عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا

ڈسکہ: (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ملک بھر کی طرح ڈسکہ میں بھی یوم عاشور عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا مرکزی جلوس امام بارگاہ حسینیہ ڈسکہ کلاں سے برآمد ہوا جو مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا نسبت روڈ پہنچا جہاں پر عزاداروں نے گورنمنٹ ہائی سکول کی گراؤنڈ میں نماز ظہرین ادا کی جب جلوس میلاد چوک پہنچا تو امام بارگاہ دارالسلام کا جلوس بھی شامل ہوگیا میلاد چوک میں ذاکرین نے عزاداروں سے خطاب کرتے ہوئے فلسفہ شہادت پر روشنی ڈالی یہاں پر عزاداروں نے ماتم اور زنجیر زنی کی ریسکیو 1122، سول ہسپتال کے عملہ و دیگر خدمتگاروں نے عزاداروں کو طبی امداد فراہم کی بعد ازاں جلوس مین بازار، صوبیدار بازار اور سمبڑیال روڈ سے ہوتا ہوا پرانا کچہری چوک پہنچا تو امام بارگاہ دارالسلام سیکن کا جلوس واپس امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوگیا



مصطفی آباد: دس محرم کے سلسلہ میں مرکز جامعہ شمس الحدیث رجسٹرڈ میں سالانہ کانفرنس

مذہبی سکالر ڈاکٹر فیض احمد بھٹی آف جہلم نے بڑے منفرد انداز میں شان اہلبیت بیان کی

مصطفی آباد(نمائندہ خصوصی) مرکز جامعہ شمس الحدیث رجسٹرڈ میں 10 محرم الحرام کے حوالے سے منعقدہ سالانہ پروگرام کے مہمان خطیب پاکستان مقرر اسلام عظیم مذہبی سکالر ڈاکٹر فیض احمد بھٹی آف جہلم نے بڑے منفرد انداز میں شان اہلبیت بیان کی اور عظمت اہل بیت پر اپنا منظوم کلام بھی پڑھا، جس نے سامعین پر رقت طاری کر دی، حاضرین نے رسول ﷺ پر درود شریف اتنی کثرت سے با آواز بلند پڑھا کہ مسجد کا ہال گونج اٹھا، ڈاکٹر فیض احمد بھٹی نے کلام پاک اور فرامین رسول ﷺ کی روشنی اور تمام مسالک: الحدیث، فقہ جعفری، فقہ شافعی، فقہ مالکی، فقہ حنبلی اور فقہ حنفی کے متفقہ دلائل سے اہل بیت آل رسول ﷺ کی عظمت، شان اور پاکیزگی کا دین تندکر فرمایا، شہادت امام حسین کا تذکرہ کرتے ہوئے سب کی آنکھیں بھر آئیں، 72 شہدائے کربلا کی دردناک شہادت کے بیان نے مجمع پر سکوت طاری کر دیا، ہر آنکھ پرنم تھی، نواسہ رسول ﷺ سیدنا امام حسن اور امام حسین کے مناقب وفضائل قرآن وحدیث کی روشنی میں بیان فرمائے، سامعین کا خوب ایمان گرمایا، خطیب کے آخری جملے اہلبیت آل رسول ﷺ سے محبت مودت کے ترجمان تھے، انہوں نے کہا کہ جب تک رسول ﷺ اور آل رسول ﷺ پر درود پاک نہ پڑھا جائے، تو نہ ہماری نماز ہوتی ہے نہ ہی ہمارا جنازہ ہوتا ہے، ڈاکٹر فیض احمد بھٹی نے یہ بھی کہا کہ اہلبیت کی محبت، شہداء کربلا کی محبت، تمام صحابہ کی محبت ہمارے ایمان کا مرکز ہے، انہوں نے فضیل وقت میں شان رسالت، عظمت صحابہ واہلبیت کا تحفظ کرنے پر زور دیا اور کہا کہ جو حضرت حسین کے قتل میں شامل تھا، یا قاتلین حسین کا معاون تھا، یا قتل پر راضی خوش تھا، وہ پکا ٹھکا ناہی اور جہنمی ہے، علاوہ ازیں غزہ و فلسطین اور میری شہداء وظلومین کے لئے دعائی، افواج پاکستان اور ملک وقوم کی سلامتی کے لئے دعائیں، فوت شدگان، خاص کر بانی جامعہ شمس الحدیث مولانا عابدالرحمن اسد شہید رحمتہ اللہ علیہ کے لئے بھی دعا کی گئی، سامعین نے خطبے کو بے حد پسند کیا اور سراپا مید رہے

ملک بھر کی طرح شیخوپورہ میں بھی یوم عاشور کے موقع پر مختلف مقامات سے ذوالجناح کے جلوس نکالے گئے

ممبر پنجاب اسمبلی ملک قاسم ندیم، ڈپٹی کمشنر شاہد محمود اور ڈی پی او رانا طاہر الرحمن ہمراہ تھے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ملک بھر کی طرح شیخوپورہ میں بھی یوم عاشور کے موقع پر مختلف مقامات سے ذوالجناح کے جلوس نکالے گئے، شبیہ ذوالجناح کا مرکزی جلوس علی الصبح گلستان زہرہ سلطان پورہ سے برآمد ہوا جو مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا دربار حسین جناح پارک پہنچ کر اختتام پذیر ہوا جلوس میں ہزاروں عزاداروں نے شرکت کی اور زنجیر زنی و ماتم کرتے آگے بڑھتے رہے، اس موقع پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے تھے پولیس کی بھاری نفری جلوس کے ہمراہ رہی جبکہ جلوس کی طرف جانے والے راستوں کو خاردار تاروں سے سیل کیا گیا اور جلوس میں شریک ہونیوالوں کی جانچ کیلئے میٹل ڈیٹیکٹرز کا استعمال کیا گیا، پولیس کے ساتھ ساتھ پاک فوج کے جوانوں کو بھی تعینات کیا گیا تھا جبکہ ٹریفک پولیس اور ریسکیو اہلکار بھی جلوس کے ہمراہ رہے، پولیس کے فول پروف سیکورٹی انتظامات کی بدولت کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما نہ ہوا اور یوم عاشور کے جلوس بخیریت اختتام پذیر ہوئے۔

قصر سجاد امام بارگاہ سے 10 محرم کا ماتمی جلوس برآمد، فول پروف سیکیورٹی انتظامات

جلوس اپنے روایتی راستوں پر گامزن، عزاداران کی بڑی تعداد کی شرکت، امام حسینؓ کی قربانی پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے: اسداللہ بابا اسلم

مصطفی آباد (نیوز رپورٹر قوت) دنیا بھر کی طرح مصطفی آباد للیانی میں بھی یوم عاشور عقیدت واحترام سے منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر قصر سجاد امام بارگاہ سے 10 محرم الحرام کا مرکزی ماتمی جلوس برآمد ہوا، جو اپنے مخصوص اور روایتی راستوں پر گامزن ہے۔ جلوس میں مرد، خواتین اور بچوں سمیت عزاداران کی بڑی تعداد شریک ہے، جنوحہ خوانی اور ماتم کرتے ہوئے شہدائے کربلا کو خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں۔ مصطفی آباد پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔ جلوس کے داخلی اور خارجی راستوں پر چیکنگ کا خصوصی انتظام کیا گیا ہے، جبکہ پولیس، ٹریفک وارڈنز اور دیگر اداروں کے اہلکار سیکیورٹی کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ اس موقع پر قصر سجاد امام بارگاہ کے جنرل سیکرٹری اسد اللہ بابا اسلم نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حضرت امام حسینؓ کی قربانی کسی ایک فرقے کے لیے نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔ امام حسینؓ نے کربلا میں حق وسچائی کے لیے عظیم قربانی دے کر تاریخ رقم کی، جو رہتی دنیا تک یاد رکھی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام عزاداران سے گزارش ہے کہ وہ جلوس کے دوران امن وامان، نظم وضبط اور صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھیں اور سیکیورٹی اداروں سے مکمل تعاون کریں۔ جلوس کے اختتام پر ملک وملت کی سلامتی، امت مسلمہ کے اتحاد اور شہدائے کربلا کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی جائے گی۔



ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر طارق عزیز سندھو کو ضلع بھر میں بہترین انتظامات کرنے پر کارکردگی کو سراہا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کی شہری سماجی، سیاسی، قانونی، صحافتی تنظیموں کے نمائندوں نے ڈپٹی کمشنر سید محمد نعیم عباس، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر طارق عزیز سندھو کو ضلع بھر میں بہترین انتظامات کرنے پر کارکردگی کو سراہا۔ شہری تنظیموں کے نمائندوں نے ڈپٹی کمشنر سید محمد نعیم عباس اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر طارق عزیز سندھو کو ضلع بھر میں بہترین انتظامات کرنے پر کارکردگی کو سراہا۔ ضلع بھر میں بہترین انتظامات کرکے نئی تاریخ رقم کی ہے دو دہائیوں بعد ڈپٹی کمشنر سید محمد نعیم عباس نے راولپنڈی ویٹرنٹ جمنٹ پنشنی ایسوسی ایشن 1122 کا ممکمہ صحت میونسپل کمیٹی، محکمہ زراعت، پولیس، ڈیفنس، ضلع کونسل سمیت تمام صوبائی محکموں کے افسران و اہلکاروں نے یوم عاشور کے موقع پر صفائی ستھرائی سمیت دیگر تمام انتظامات کرکے شہریوں کے دل جیت لیے

یوم عاشورہ پر پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب نے ضلع بھر میں 14 بڑی مجالس اور جلوسوں کو میڈیکل کور فراہم کیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) یوم عاشورہ پر پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب نے ضلع بھر میں 14 بڑی مجالس اور جلوسوں کو میڈیکل کور فراہم کیا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم چنار نے بتایا کہ یوم عاشورہ کے موقع پر ضلع بھر میں A کیٹیگری کی 7 اور B کیٹیگری کی 7 مجالس و جلوسوں کو میڈیکل کور فراہم کرنے کے لئے 16 ریسکیو ایمبولینسز، 50 موٹر بائیک ریسکیو سروس، 6 فائر ہیکلز، 15 موبائل ریسکیو ٹیمیں اور 10 سٹیشن ریسکیو کیمپس پر 290 ریسکیو افسران و ریسکیورز اور 150 ریسکیو سکاؤٹس نے ہائی الرٹ ڈیوٹی سرانجام دی۔ ضلع بھر میں کوڈ ٹو کیجوہ سے تمام ریسکیورز کی چھٹیاں منسوخ رہیں یوم عاشورہ پر ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب نے 679 ماتمی اعزاداروں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی جبکہ 12 اعزاداروں کو طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کیا گیا۔ تحصیل دیپالپور میں 8 جلوسوں اور 5 مجالس میں 279 عزاداروں کو طبی امداد فراہم کی اور 1 کو ہسپتال منتقل کیا گیا جبکہ تحصیل رینالہ خورد میں 4 مجالس اور 6 جلوسوں میں 169 عزاداروں کو طبی امداد فراہم کی گئی جبکہ 1 عزادار کو ابتدائی طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کیا گیا۔ یوم عاشورہ کے موقع پر ریسکیو 1122 کی میڈیکل ٹیموں کو مختلف حادثات سے 20 ایمبولینسز، 57 موٹر بائیکس، 5 فائر ڈیسکلز سمیت 329 سے زائد ریسکیورز اور 100 سے زائد ریسکیو رضاکاروں نے ڈیوٹی سرانجام دی۔ یوم عاشورہ پر بہترین ایمرجنسی کوریج فراہم کرنے پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام نے تمام ریسکیورز کو خصوصی شاباش دی۔

آسمانی بجلی گرنے سے نواحی گاؤں مانانوالہ میں واقع مسجد کے مینار شہید چھت پھٹ گئی

بجلی گرنے سے پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بھی متاثر شدید بارش اور موسم کی خرابی سے عاشورہ کے مرکزی جلوس کے انتظامات میں مشکلات کا سامنا رہا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) آسمانی بجلی گرنے سے نواحی گاؤں مانانوالہ میں واقع مسجد کے مینار شہید چھت پھٹ گئی مگر اس وقت مسجد میں کوئی نمازی موجود نہیں تھا دھماکے سے ٹرانسفارمر تباہ بجلی کا نظام معطل ہوگیا بجلی گرنے سے پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بھی متاثر شدید بارش اور موسم کی خرابی سے عاشورہ کے مرکزی جلوس کے انتظامات میں مشکلات کا سامنا رہا مگر انتظامیہ خصوصاً بلدیہ نے بروقت اور فوری اقدامات کرتے ہوئے تمام راستوں کو کلیئر کروا دیا لیسکو نارنگ کے کئی فیڈر ٹرپ کر گے مگر انتھک محنت کے بعد بجلی کی فراہمی ممکن بنادی گئی بارش اور ٹھنڈی ہوا سے گرمی اور حبس کا خاتمہ ہوگیا۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کو بغیر لائسنس دوکانیں سیل کرنی چاہئے۔رانا عرفان

رجسٹرڈ کوالٹی فوڈ آئیٹمز فروخت کرنیوالے اداروں کا استحصال کیا جارہا ہے۔رانا فیصل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) شہر اقبال و ملحقہ آبادیوں میں موجود اکثر غیر معیاری دودھ و فوڈ آئیٹمز دوکانداروں کا استحصال ہوتا ہے۔ان باتوں کا اظہار معروف کاروباری شخصیات رانا محمد عرفان ورانا فیصل نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ غیر معیاری فوڈ آئیٹمز فروخت کرنیوالے ملاور پد آزاد دوکانداروں کی دوکانیں سیل کی جائیں تا کہ لائسنس یافتہ معیاری کوالٹی فوڈ فروخت کرنیوالے دوکاندار معاشی استحصال سے محفوظ رہ سکیں۔



یوم عاشورہ پر پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 نے ضلع بھر میں 27 ماتمی جلوسوں اور 14 مجالس کو میڈیکل کور فراہم کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارہ امتیاز) کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام کی زیر نگرانی یوم عاشورہ پر پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 نے ضلع بھر میں 27 ماتمی جلوسوں اور 14 مجالس کو میڈیکل کور فراہم کیا۔ یوم عاشورہ پر مجموعی طور 686 عزاداران کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ 680 عزاداروں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد مہیا کی گئی جبکہ 6 عزاداروں کو طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کیا گیا۔ تحصیل اوکاڑہ میں 5 مجالس اور 13 جلوسوں میں 232 عزاداروں کو طبی امداد فراہم کی جبکہ 4 کو طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کیا گیا۔ تحصیل دیپالپور میں 8 جلوسوں اور 5 مجالس میں 279 عزاداروں کو طبی امداد فراہم کی اور 1 کو ہسپتال منتقل کیا گیا جبکہ تحصیل رینالہ خورد میں 4 مجالس اور 6 جلوسوں میں 169 عزاداروں کو طبی امداد فراہم کی گئی جبکہ 1 عزادار کو ابتدائی طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کیا گیا۔ یوم عاشورہ کے موقع پر ریسکیو 1122 کی میڈیکل ٹیموں کو مختلف حادثات سے 20 ایمبولینسز، 57 موٹر بائیکس، 5 فائر ڈیسکلز سمیت 329 سے زائد ریسکیورز اور 100 سے زائد ریسکیو رضاکاروں نے ڈیوٹی سرانجام دی۔ یوم عاشورہ پر بہترین ایمرجنسی کوریج فراہم کرنے پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام نے تمام ریسکیورز کو خصوصی شاباش دی۔

ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں سٹیٹ آف دی آرٹ 60 بیڈز کا سرجیکل ٹاور فعال ہوگیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے وژن صحت کی معیاری سہولیات عوام کی دہلیز تک کے تحت ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں سٹیٹ آف دی آرٹ 60 بیڈز کا سرجیکل ٹاور فعال ہوگیا۔ ایمرجنسی ٹریٹڈ پرشکوہ عمارت میں اعلی معیار کا پینٹ ورک، بہترین صفائی، واش رومز کی سہولیات دستیاب ہیں۔ سرجیکل ٹاور کی تکمیل سے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں بیڈز کی تعداد 200 ہوگئی۔ سرجیکل ٹاور میں گراؤنڈ فلور پر او پی ڈی سروسز فراہم کی جائیں گی۔ سروسز میں سرجیکل او پی ڈی، فلٹر کلینک، گائنی او پی ڈی، آرتھوپیڈک او پی ڈی، کارڈیالوجی او پی ڈی، ویل وومن کلینک، میڈیسن او پی ڈی، ایکو/ای سی جی جبکہ فرسٹ فلور پر دو گائنی وارڈز، لیبر روم اور گائنی آپریشن تھیٹر قائم کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ارکان صوبائی اسمبلی سید ذوالفقار علی شاہ و مولانا محمد الیاس چنیوٹی کے ہمراہ سرجیکل ٹاور کا افتتاح کیا۔ ایس ای ایچ اینڈ ایم ڈاکٹر ثاقب منیر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اور دیگر افسران موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر اور ارکان اسمبلی نے سرجیکل ٹاور کے مختلف شعبے دیکھے اور کہا کہ 60 بیڈز کے اضافہ سے مریضوں کو علاج معالجہ کی مزید معیاری طبی سہولیات میلیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال پر مریضوں کے بوجھ میں نہ صرف کمی آئے گی بلکہ معیاری علاج ممکن ہوگا۔

چوری ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چوری ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے کوٹ رام داس کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر محمد عرفان سے نقدی 40 ہزار روپے چھین لئے بخاپور کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے شہزیل افضل سے 80 ہزار روپے نقدی چھین لی سبزی منڈی روڈ پر عارف خاں سے نامعلوم مرد وعورت نے اسلحہ کے زور پر نقدی 20 ہزار روپے اور موبائل فون چھین لیا پسر

روزنامہ ''قوت'' لاہور(7)منگل 8 جولائی 2025ء

''قوت'' کا سیفما ایڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے صحیح یا غلط ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات اور ان کے مندرجات کے بارے میں کوئی قانونی چارہ جوئی نہ ہوگی۔

042-36360003

نقیب 1

بہت بھیجے الفاظ غیر ذمہ دارانہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ وفاق فری فنڈ ز کی مد میں ہر صوبے کو 5 ارب روپے ملتے ہیں، دیگر صوبے اس کی بہتر طریقے سے تشہیر کر رہے ہیں، ایسے بیانات پاکستان کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہے ہیں، ہمیں ایسے بیانات سے گریز کرنا چاہیے۔

نقیب 2

میاں دوطرفہ سیاسی مشاورت کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف کے فیصلہ ہوا ہے، اس سے پاکستانیوں کو غیر معمولی خوشی ہوئی ہے، ہم اس کا خیر مقدم کرتے ہیں، ہم نے پاکستان کو سنوارنا ہے، ہم نے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا ہے، 90 دن کے اندر ہم نے پاکستان کو مضبوط کیا ہے، ہم نے پاکستان کو معاشی بحران سے نکالا ہے، ہم نے پاکستان کو دہشت گردی سے نکالا ہے، ہم نے پاکستان کو سیاسی عدم استحکام سے نکالا ہے، ہم نے پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا ہے، ہم نے پاکستان کو ڈیفالٹ

چیف الیکشن کمشنر و ممبرانِ فیصلے آئین اور قانون کے مطابق کرتے ہیں

مختلف اوقات میں الیکشن کمیشن سے کئی آئینی اور انتظامی عہدہ دار سرکاری معاملات کے سلسلے میں ملتے رہتے ہیں

چند مفاد پرست عناصر اور گروہ الیکشن کمیشن، چیف الیکشن کمشنر اور ممبران الیکشن کمیشن پر بے بنیاد الزامات لگاتے رہتے ہیں اور گمراہ کن پروپیگنڈہ کرنے میں مصروف ہیں۔ یہاں پر یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ الیکشن کمیشن، چیف الیکشن کمشنر اور ممبران ہر فیصلہ بغیر کسی کی خواہشات کو مدنظر رکھتے ہوئے، آئین اور قانون کے مطابق کرتے ہیں اور کسی قسم کے دباؤ یا پولیٹیکل میکنگ میں نہیں آتے اور نہ ہی ان اوچھے ہتھکنڈوں سے مرعوب ہوتے ہیں۔ حال ہی میں ہیکنگ اسکینڈل سے متعلق چیف الیکشن کمشنر کی ملاقات پر جو اعتراض کے برعکس تبصرے ہوئے ان میں کوئی حقیقت نہ ہے۔ مختلف اوقات میں الیکشن (بقیہ کالم 3)

لاہور (خبر نگار) چند مفاد پرست عناصر اور گروہ الیکشن کمیشن، چیف الیکشن کمشنر اور ممبران الیکشن کمیشن پر بے بنیاد الزامات لگاتے رہتے ہیں اور گمراہ کن پروپیگنڈہ کرنے میں مصروف ہیں۔ یہاں پر یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ الیکشن کمیشن، چیف الیکشن کمشنر اور ممبران ہر فیصلہ بغیر کسی کی خواہشات کو مدنظر رکھتے

امام حسینؑ کی قربانی حق و باطل کے معرکے میں حق کی فتح کی مثال ہے، ضیاء الدین انصاری

موجودہ دور میں استحصالی نظام، سودی معیشت اور کرپشن ہی آج کے بڑے بت ہیں، جماعت اسلامی ملک میں امام حسینؑ کے پیغام کو مشعلِ راہ بنا کر جدوجہد کر رہی ہے

قوم دین اسلام کے غلبے کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دے، امیر جماعت اسلامی لاہور کا زون 151 میں شہدائے کربلا کانفرنس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے حضرت امام حسینؑ کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ واقعہ کربلا ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ حق پر ڈٹ جانا ہی دین کا اصل تقاضا ہے۔ امام عالی مقامؑ نے ظلم، جبر اور باطل کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا اور ہمیشہ کے لیے واضح کر دیا کہ مسلمان باطل کے سامنے سر نہیں جھکاتا۔ آج بھی وقت کا یزید مختلف صورتوں میں ہمارے سامنے موجود ہے۔ استحصالی نظام، سودی معیشت، کرپشن اور ظلم و ناانصافی، ان سے مقابلے کے لیے اتحاد و استقامت کی ضرورت ہے۔ جماعت اسلامی امام حسینؑ کے پیغام کو مشعلِ (بقیہ نمبر 44)



لاہور: امیر جماعت اسلامی ضیاء الدین ایڈووکیٹ زون 151 منڈاوں میں شہدائے کربلا کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ڈاکٹر عثمان انور کی عشرہ محرم الحرام کے دوران سکیورٹی کے بہترین انتظامات پر پولیس فورس کو شاباش

یوم عاشور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور خود فیلڈ میں موجود رہے، سیف سٹی ہیڈ آفس کا دورہ، سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

پنجاب پولیس کے 01 لاکھ 34 ہزار افسران و جوانوں نے یوم عاشور جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی یقینی بنائی، آئی جی پنجاب

تمام آر پی او اور ڈی پی او زکو کریڈٹ دیتا ہوں، پنجاب میں امن و امان کی صورتحال سمیت ہر چیز پر نظر رکھی ہوئی تھی، آئی جی پنجاب

لاہور (خبر نگار، راکم پورا) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے عشرہ محرم الحرام کے دوران سکیورٹی کے بہترین انتظامات پر پولیس فورس کو شاباش دی ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پولیس فورس نے عشرہ محرم الحرام کے دوران 38 ہزار سے زائد مجالس اور 09 ہزار 200 سے زائد عزاداری جلوسوں کو کور پور سکیورٹی فراہم کی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ آئی جی پنجاب نے ہی پی او لاہور سمیت سبھی موبے (بقیہ نمبر 45)



لاہور: یوم عاشورہ پر ساتھ نہ ہونے کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

اردو ادب کے عظیم شاعر ساغر صدیقی کی 51 ویں برسی 19 جولائی کو منائی جائے گی

شعبہ اردو اور ڈی پی او زکو کریڈٹ دیتا ہوں، پنجاب میں امن و امان کی صورتحال سمیت ہر چیز پر نظر رکھی ہوئی تھی، آئی جی پنجاب

لاہور (ڈیلی این این) محکمہ خزانہ پنجاب نے چار اہم محکموں کو مالی سال 2025-26 کے لیے 1 کھرب 20 ارب روپے کے فنڈز جاری کر دیے ہیں۔ جاری کردہ تخصیصات کے مطابق محکمہ زراعت کو چھ ارب میں کروڑ روپے، محکمہ لائیو سٹاک کو چار ارب چالیس کروڑ روپے، محکمہ ہاؤسنگ کو ایک ارب ساٹھ کروڑ روپے جبکہ محکمہ فشریز کو 2 کروڑ 20 لاکھ روپے کے فنڈز جاری کیے گئے

محکمہ خزانہ نے چار محکموں کو تنخواہوں و اخراجات کیلئے اربوں روپے جاری کر دیے

محکمہ زراعت، لائیو سٹاک، جنگلات و شکار پر 6 ارب 20 کروڑ روپے، فشریز کو 2 ارب 20 کروڑ روپے کے فنڈز جاری کیے گئے

فنڈز تنخواہوں، پٹرول، گیس اور دیگر ضروریات کیلئے ہیں، محکمہ خزانہ کے مطابق یہ فنڈز تنخواہوں، پٹرول، تیل، گیس کے بلز اور دیگر ضروری آپریشنل اخراجات کیلئے جاری کیے گئے ہیں تاکہ مذکورہ محکمے اپنی روزمرہ کے کرسمیاں بلا تعطل جاری رکھ سکیں۔ فنڈز دیگر محکموں کے اکاؤنٹس میں ان لائن منتقل کر دیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق بجٹ کی برقت فراہمی سے ان محکموں کی کارکردگی اور عوام کو بہتر سروسز کی فراہمی میں مدد ملے گی



لاہور: یوم عاشورہ کے موقع پر پولیس اہلکار حفاظتی ڈیوٹی پر تعینات ہیں

پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی میں بھرتیوں کیلئے پیپر لیک ہونے کا انکشاف

پیپر لیک معاملے پر ڈائریکٹر ایچ آر پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کی سربراہی میں تحقیقات جاری ہیں، ذرائع

کراچی (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی (پی اے اے) میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر سکیورٹی کی آسامیوں پر بھرتی کے لیے پیپر لیک ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے اے ڈی سکیورٹی آسامی کا پیپر سوشل میڈیا پر شائع ہونے کا گھر انتظامی امیدوار کے حوالے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں اور پیپر لیک کرنے والے سوشل میڈیا پر لیک کرنے والے کی تحقیقات میں مدد کیلئے ایف آئی اے سے رابطہ کیا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ پیپر لیک معاملے پر ڈائریکٹر ایچ آر پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کی سربراہی میں تحقیقات جاری ہیں، پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کی ابتدائی تحقیقات کے مطابق اے ڈی سکیورٹی آسامی کا پیپر سوشل میڈیا پر شائع ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کی انتظامیہ نے پیپر لیک معاملے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں اور پیپر لیک کرنے والے کی نشاندہی کیلئے ایف آئی اے سے رابطہ کیا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ پیپر لیک ہونے کا انکشاف ہوا ہے